کوئٹہ سے شائع ہونے والا آزاد صحافت کا علمبردار
Email: dailymeherdarqt@gmail.com
ABC CERTIFIED
DAILY MEHERDAR QUETTA
روزنامہ مہردار کوئٹہ
ایڈیٹر: سید ہاشم آغا
Ph:081 2868355
جلد 13 | جمعرات یکم اکتوبر 2026، 18 ربیع الثانی 1447ھ | شمارہ 139

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں کارروائیاں، 4 دہشتگرد ہلاک

ٹھکانے تباہ، اسلحہ وگولہ بارود برآمد، ٹانک میں پٹوار خانے کو نشانہ بنانے والا فتنہ الخوارج کا خودکش حملہ آور ہلاک، صدر مملکت، وزیراعظم اور وزیرداخلہ کا دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سہراب میں ایک دہشت گرد ہلاک، شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کے دوران 3 خارجی جہنم واصل، سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشتگردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کیلئے پرعزم

راولپنڈی، پشاور (آئی این پی) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کردیا، کئی ٹھکانے تباہ اور اسلحہ وگولہ بارود بھی برآمد کیا گیا جبکہ ٹانک میں پٹوار خانے کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام بنادی گئی، خودکش حملہ آور ہلاک ہوگیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت ضلع سہراب کے علاقے مال مدرسہ کے قریب آپریشن کرکے ایک دہشت گرد کو ہلاک کردیا۔ سیکیورٹی فورسز نے مال مدرسہ اور ملنگ کے درمیان دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی فورسز سے فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشت گرد کو جہنم واصل کر دیا جبکہ دوسرا فرار ہوگیا، فتنہ الہندوستان کے جاں بحق دہشت گرد کے قبضے سے اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد کر لیا گیا ہے۔ دوسری جانب سیکیورٹی فورسز کی عزم استحکام وژن کے تحت خیبرپختونخوا میں دہشت گردوں کیخلاف بھرپور

بقیہ نمبر 1 اندرونی صفحہ پر

ن لیگ نے عوام دشمن اقدام کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے، جمال شاہ کاکڑ

مسلم لیگ ن ہی بلوچستان کو ترقی خوشحالی کی جانب گامزن کرنے میں سنجیدگی سے اپنی جدوجہد کو ممکن بنارہی ہے

کارکنان پارٹی کا قیمتی سرمایہ ہے کارکنان کو درپیش مسئلہ مسائل کے حل کے لئے ہر فورم پر جدوجہد ممکن بنائیں گے، گفتگو

سبی (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رکن قومی اسمبلی وصوبائی جنرل سیکرٹری بلوچستان سید جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن ہی بلوچستان کو ترقی خوشحالی کی جانب گامزن کرنے میں سنجیدگی سے اپنی جدوجہد کو ممکن بنارہی ہے

بقیہ نمبر 3 اندرونی صفحہ پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن ٹیسٹ میں بلوچستان سے پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم ولی اللہ ترین کی حوصلہ افزائی کررہے ہیں، رکن صوبائی اسمبلی سید ظفر آغا بھی موجود ہیں

بلوچستان میں غذائی قلت ایک سنگین مسئلہ ہے، سرفراز بگٹی

بچوں اور خواتین کو مناسب اور معیاری غذائیت کی فراہمی صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے

حکومت بلوچستان غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے، انیتا ہرش سے بات چیت

کوئٹہ (ح ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر انیتا ہرش نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں غذائی قلت کے خاتمے، غذائی تحفظ، غذائیت کی بہتری اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں میں وسعت سمیت باہمی تعاون مزید بڑھانے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بلوچستان میں ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں، صوبے میں غذائی صورتحال اور مستقبل کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر غذائی قلت سے نمٹنے، بچوں اور خواتین کو معیاری غذائیت کی فراہمی اور غذائی تحفظ کے لیے مشترکہ اقدامات کو مزید مؤثر بنانے پر بھی بات چیت ہوئی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں غذائی قلت ایک سنگین مسئلہ ہے جس کے تدارک کے لیے حکومت، عالمی اداروں اور متعلقہ شراکت داروں کے درمیان مربوط اور مشترکہ اقدامات ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کررہی ہے اور اس ضمن میں عالمی اداروں کے تعاون کو اہمیت دیتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بچوں اور خواتین کو مناسب اور معیاری غذائیت کی فراہمی

بقیہ نمبر 2 اندرونی صفحہ پر

اگر کوئی مس ایڈونچر کیا گیا تو اس کا بھرپور اور آہنی جواب دیا جائیگا

گورنر راج جیسی کسی بھی دھمکی یا اقدام کیلئے پی ٹی آئی اور عوام مکمل طور پر تیار ہیں

عمران خان کی صحت سیاست سے بالاتر، فیملی کی نگرانی بنیادی حق ہے، سہیل آفریدی

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ گورنر راج جیسی کسی بھی دھمکی یا اقدام کیلئے پی ٹی آئی اور عوام مکمل طور پر تیار ہیں، اگر کوئی مس ایڈونچر کیا گیا تو اس کا بھرپور اور آہنی جواب دیا جائیگا، عمران

بقیہ نمبر 4 اندرونی صفحہ پر

وزیراعظم شہباز شریف 2 روزہ سرکاری دورے پر آسٹریا روانہ

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف آسٹریا کے چانسلر کرسٹین اسٹاکر کی دعوت پر 2 روزہ سرکاری دورے پر ویانا، آسٹریا روانہ ہوگئے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد

بقیہ نمبر 5 اندرونی صفحہ پر

اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ

حکومتی دعوت کے باوجود کوئی پی ٹی آئی رہنما جیل نہیں پہنچا

طبی ٹیم کی رپورٹ جلد مرتب کیے جانے کا امکان ہے، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد کے بہترین ہسپتالوں کے ڈاکٹرز پر مشتمل میڈیکل ٹیم کی زیر نگرانی اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ شروع کردیا گیا۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے بتایا کہ میڈیکل بورڈ کی نگرانی میں بانی پی ٹی آئی

بقیہ نمبر 6 اندرونی صفحہ پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی اور ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی کھلی کچہری کے دوران عوام کے مسائل اور شکایات براہ راست سن رہے ہیں

حکومت عوامی فلاح وبہبود کے منصوبوں پر سنجیدگی سے عمل پیرا ہے، فیصل جمالی

حلقہ انتخاب کی مجموعی ترقی اور خوشحالی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

عوام سے انتخابات کے دوران کیے گئے تمام وعدوں کو مرحلہ وار عملی شکل دی جارہی ہے، بیان

اوستہ محمد (آئی این پی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب کی مجموعی ترقی اور خوشحالی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، اور عوام سے انتخابات کے دوران کیے گئے تمام وعدوں کو مرحلہ وار عملی شکل دی جارہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عمرہ سعادت حاصل کرنے کے لیے روانگی کے موقع پر آئی این پی سے خصوصی گفتگو کرتے

بقیہ نمبر 35 اندرونی صفحہ پر

نائیجیریا، موٹر سائیکل سواروں کا خونریز حملہ

2 3افراد ہلاک، درجنوں اغوا، پولیس سٹیشن نذر آتش

ابوجا (آئی این پی) نائیجیریا کی شمالی ریاست نائجر میں موٹر سائیکلوں پر سوار مسلح افراد کے حملوں میں کم از کم 32 افراد ہلاک جبکہ درجنوں کو اغوا کر لیا گیا۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ریاستی پولیس کے ترجمان واسیو ابیودون نے تصدیق کی کہ مسلح افراد نے تین دیہات پر حملہ کیا، حملہ آوروں نے کنگا کیری گاؤں پر حملہ کیا

بقیہ نمبر 27 اندرونی صفحہ پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی سربراہ انیتا ہرش کو سوونیئر پیش کررہے ہیں

سندھ اور پنجاب کے مختلف علاقوں میں ٹریفک حادثات

خواتین وبچوں سمیت 19 افراد جاں بحق، 12 افراد زخمی ہو گئے

کراچی، خیرپور، کوٹ ادو، بہاولنگر (آئی این پی) سندھ اور پنجاب کے مختلف علاقوں میں ٹریفک حادثات میں خواتین وبچوں سمیت 19 افراد جاں بحق اور 12 زخمی ہوگئے۔ تفصیل کے مطابق سندھ کے ضلع خیرپور کے علاقے ٹنڈو مستی کے

بقیہ نمبر 28 اندرونی صفحہ پر

حکومت نے ہمارا کھانا پینا بند کر رکھا ہے

مطالبات کی منظوری تک دھرنا جاری رہے گا، عون عباس

اس وقت جو راشن اندر موجود ہے، صرف اسی پر مشکل سے گزارہ ہو رہا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی کے رہنما سینیٹر عون عباس نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اپنے مطالبات پر قائم ہے جب تک عمران خان کے علاج سے متعلق ہمارے مطالبات پورے نہیں ہو جاتے، پارلیمنٹ میں دھرنا جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر 29 اندرونی صفحہ پر

اسلام آباد، وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لیسکو کی بجلی چوری کیخلاف کارروائی

5 5لاکھ سے زائد مالیت کی چوری پکڑی گئی

لاہور (آئی این پی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے بجلی چوروں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے بھاری مالیت کی بجلی چوری پکڑ لی۔ پولیس لے اور پاکستان کشن راوی اور ایس ڈی او کے ہمراہ بند روڈ پر بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کی،

بقیہ نمبر 7 اندرونی صفحہ پر

بانی پی ٹی آئی کی طبی ابتدائی رپورٹ حکومت پنجاب کو ارسال

بلڈ پریشر، نبض، جسمانی درجہ حرارت اور شوگر لیول کا تفصیلی چارٹ شامل

راولپنڈی (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی طبی ابتدائی رپورٹ حکومت پنجاب کو ارسال کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق رپورٹ میں عمران خان کے بلڈ پریشر، نبض، جسمانی درجہ حرارت اور شوگر لیول کا تفصیلی چارٹ شامل کیا

بقیہ نمبر 8 اندرونی صفحہ پر

ڈی جی آئی ایس پی آر کا لاہور کے مختلف تعلیمی اداروں کا دورہ

قومی سلامتی، نوجوانوں کے کردار، جدید دور میں متفرق چیلنجز اور ہائبرڈ وارفیئر پر گفتگو

لاہور (آئی این پی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے لاہور میں ایچی سن کالج، یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی اور لاہور

بقیہ نمبر 9 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ: صوبائی مشیر ماحولیات نسیم الرحمن ملا خیل چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹری کے نو منتخب صدر نور یوسف کو کرسی پر بٹھا رہے ہیں، چیئرمین ولی خورزئی، نائب صدر حاجی رؤف برانچ، عبدالخالق اچکزئی اور دیگر موجود ہیں

تیسرے اقتصادی جائزہ مذاکرات

آئی ایم ایف کا جائزہ مشن 2 5فروری کو پاکستان کا دورہ کریگا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان تیسرے اقتصادی جائزہ مذاکرات کیلئے عالمی مالیاتی ادارے کا جائزہ مشن

بقیہ نمبر 19 اندرونی صفحہ پر

امریکی ناظم الامور امریکا-پاکستان تعلقات کو مضبوط بنانے کیلئے مصروف

نیٹالی بیکر نے پاکستانی عوام سے اپنے تعلق کو "دل سے قریب" قرار دیا

اسلام آباد (آئی این پی) امریکی ناظم الامور نیٹالی اے بیکر امریکا-پاکستان تعلقات کو مضبوط بنانے کے لئے مصروف ہیں۔ تفصیل کے مطابق

بقیہ نمبر 20 اندرونی صفحہ پر

گاڑیوں کی فٹنس چیکنگ کے عمل کو مزید سخت بنایا جائے

وفاقی وزیر علیم خان کا ایم ٹاپ موٹروے پر مہلک حادثے کا نوٹس، فوری تحقیقات کا حکم

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے ایم ٹاپ موٹروے پر پیش آنے والے مہلک حادثے کا نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی فوری تحقیقات کا حکم دے دیا۔ وفاقی وزیر نے ہدایت جاری کی ہے کہ گاڑیوں

بقیہ نمبر 21 اندرونی صفحہ پر

منگولیا، وفاقی وزیر احسن اقبال ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے سربراہ سے محو گفتگو ہیں

امریکا کو تمام پابندیاں ہٹانی ہونگی، ایرانی نائب وزیرخارجہ

تہران (آئی این پی) ایران کے نائب وزیرخارجہ مجید تخت روانچی نے کہا ہے کہ ایران جوہری معاہدے کیلئے سمجھوتہ کرنے کیلئے تیار

بقیہ نمبر 22 اندرونی صفحہ پر

غزہ میں اسرائیلی فضائی حملے، 9 فلسطینی شہید، خیمہ بستی کو بھی نشانہ بنایا گیا

غزہ (آئی این پی) فلسطینی سول ڈیفنس اور محکمہ صحت کے حکام کا کہنا ہے کہ اتوار کے روز شمالی اور جنوبی غزہ کی پٹی میں اسرائیلی فضائی حملوں

بقیہ نمبر 23 اندرونی صفحہ پر

انتخابات میں تاریخی فتح جمہوریت کیلئے قربانیاں دینے والوں کے نام کرتا ہوں، طارق رحمان

ڈھاکا (آئی این پی) بی این پی کے سربراہ طارق رحمان نے بنگلہ دیش کے انتخابات میں تاریخی فتح کو ان شہریوں کے نام کردیا ہے جنہوں

بقیہ نمبر 24 اندرونی صفحہ پر

سعودی عرب، زائرین کو رہائشی خدمات کی خلاف ورزی پر 2 عمرہ کمپنیوں کے لائسنس معطل

ریاض (آئی این پی) سعودی وزارت حج وعمرہ کی جانب سے زائرین کو رہائش کی خدمات کی فراہمی میں ناکامی پر عمرہ کمپنیوں کے خلاف

بقیہ نمبر 25 اندرونی صفحہ پر

چاند پر 60 برس قبل پراسرار طور پر لاپتہ ہونے والے خلائی جہاز کا معمہ حل ہوگیا

واشنگٹن (آئی این پی) چاند پر 60 سال قبل

بقیہ نمبر 26 اندرونی صفحہ پر

سوپران پروگرام نے بی آئی ایس پی کے کردار کو مزید مستحکم کیا ہے، روبینہ خالد

قومی ترقیاتی ترجیحات کے مطابق تعلیم، صحت اور مستفید خاندانوں کی مجموعی فلاح وبہبود میں بھی اہم کردار ادا کر رہا ہے

"سوپران" نے نوعمر لڑکیوں میں خون کی کمی سے بچاؤ اور غذائیت سے متعلق آگاہی کو فروغ دیا ہے، چیئرپرسن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے غذائی معاونت کے پروگرام "سوپران" نے نوعمر لڑکیوں میں خون کی کمی سے بچاؤ اور غذائیت سے متعلق آگاہی کو فروغ دیا۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت شروع کیے گئے پائلٹ اقدام SOPRAN نے پاکستان کے سات اضلاع میں نوعمر لڑکیوں میں بہتر غذائی ضروریات کی اہمیت اور آئرن کی کمی (انیمیا) کی

بقیہ نمبر 80 اندرونی صفحہ پر

محنت کش طبقہ معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ہے، غلام رسول عمرانی

صوبائی وزیر کی قیادت میں محکمہ محنت و افرادی قوت عوام دوست اقدامات کے ذریعے فعال

صوبائی وزیر نے محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ اور روزگار کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کیے

بابا کوٹ (یو این اے) ٹیم ممبر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے بطور صوبائی وزیر محنت وافرادی قوت اپنی انتھک محنت، دیانتداری اور عوام دوستی سے صوبہ بھر میں ایک نئی مثال قائم کر دی ہے۔ انہوں نے مختصر عرصے میں محنت کش

بقیہ نمبر 10 اندرونی صفحہ پر

دہشتگردی کیخلاف قومی وحدت وقت کی ضرورت ہے، طاہر اشرفی

فلسطین کا معاملہ سب سے حساس، اس بارے افواہ سازی کی جارہی ہے

لاہور (آئی این پی) چیئرمین علماء کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ فلسطین کا معاملہ سب سے حساس ہے اور اس حوالے سے افواہ سازی کی جا رہی ہے، حماس کے نمائندوں نے پاکستان کے موقف کو قدر کی نگاہ سے دیکھنے کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 11 اندرونی صفحہ پر

نئے بنگلہ دیشی وزیراعظم کی حلف برداری کل ہوگی، شہباز شریف اور نریندر مودی کو مدعو کیا جائیگا

ڈھاکہ (آئی این پی) بنگلہ دیش میں نئی حکومت کی حلف برداری کی تقریب میں بھارتی وزیراعظم نریندر مودی اور پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف سمیت جنوبی ایشیائی علاقائی تعاون تنظیم (سارک) کے رکن ممالک کے سربراہان

بقیہ نمبر 14 اندرونی صفحہ پر

کسی ایسے یک طرفہ میڈیکل بورڈ کو قبول نہیں کرتے جسے رجیم نے تشکیل دیا ہو

علیمہ خان کا عمران خان کے معائنے کیلئے میڈیکل بورڈ کی تشکیل پر تحفظات کا اظہار

راولپنڈی (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے معائنے کیلئے تشکیل دیئے جانے والے میڈیکل بورڈ پر ان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے سوالات اٹھا دیے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 12 اندرونی صفحہ پر

عمران خان کی اسپتال منتقلی کے معاملے پر اپوزیشن اتحاد کا احتجاج تیسرے روز میں داخل

اسلام آباد (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اسپتال منتقلی کے معاملے پر اپوزیشن اتحاد کا احتجاج تیسرے روز میں داخل ہوگیا۔ اپوزیشن رہنماؤں کی جانب سے پارلیمنٹ ہاؤ

بقیہ نمبر 15 اندرونی صفحہ پر

صوبائی مشیر مینا مجید بلوچ اسپورٹس یوتھ پالیسی کے حوالے سے سیمینار سے خطاب کررہی ہیں

ملک کی سیاسی فضا میں شائستگی اور اخلاقی اقدار کی کمی پر افسوس ہے، اوباما

واشنگٹن (آئی این پی) سابق امریکی صدر باراک اوباما نے ملک کی سیاسی فضا میں شائستگی اور اخلاقی اقدار کی کمی پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے یہ ردعمل اس ویڈیو کے بعد دیا

بقیہ نمبر 16 اندرونی صفحہ پر

غیرقانونی افغان مہاجرین کے خلاف گھیرا تنگ

ترکیہ میں یورپ جانے کی کوشش پر 18 افغان مہاجرین گرفتار

انقرہ (آئی این پی) مختلف ممالک میں غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائیوں کے دوران افغان مہاجرین کی گرفتاریاں جاری ہیں، جس

بقیہ نمبر 13 اندرونی صفحہ پر

سورج گرہن، دوربین سے رمضان کا چاند دیکھنے کی کوشش نہ کریں، ماہرین فلکیات کا شہریوں کو پیشگی انتباہ

دبئی (آئی این پی) متحدہ عرب امارات کے ماہرین فلکیات نے شہریوں کو خبردار کیا ہے کہ آج 17 فروری کو رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کے دوران دوربین یا کیمرے کا غیر محفوظ استعمال آنکھوں کیلئے نقصان دہ ثابت ہوسکتا

بقیہ نمبر 17 اندرونی صفحہ پر

چین چاہے تو ایک دن میں یوکرین جنگ ختم ہوسکتی ہے، امریکی سفیر

چینی قیادت کو چاہیے کہ روسی صدر پیوٹن کو کال کرکے جنگ ختم کروادے، بیان

برسلز (آئی این پی) امریکی سفیر برائے نیٹو میتھیو وٹیکر نے کہا ہے کہ اگر چین چاہے تو ایک دن میں روس یوکرین جنگ ختم ہو سکتی ہے۔ غیرملکی

بقیہ نمبر 18 اندرونی صفحہ پر

امن کے بغیر ترقی اور خوشحالی ممکن نہیں، میر عبید گورگیج

صوبائی حکومت قیام امن کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

حکومت کی کوششوں کے باعث متعدد اضلاع میں حالات بتدریج بہتر ہو رہے ہیں، بیان

کوئٹہ (یو این اے) رکن بلوچستان اسمبلی حلقہ پی بی 44 اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر عبید گورگیج نے کہا ہے کہ امن کے بغیر ترقی اور خوشحالی کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ جن معاشروں میں امن وامان کی صورتحال مستحکم ہوتی ہے وہاں سرمایہ کاری، روزگار کے مواقع، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں نمایاں بہتری آتی ہے، جبکہ بدامنی کی فضا ترقی

بقیہ نمبر 33 اندرونی صفحہ پر

کھیل کو سیاست سے الگ رکھنا چاہیے، خواجہ آصف

سیاستدان بھی پاک بھارت ٹاکرے کے لئے پرجوش نظر آئے

آئی سی سی کی جو ہم نے روڈ کھوائی ہے وہ بھی ہماری اور بنگلہ دیش کی فتح ہے

اسلام آباد (آئی این پی) آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ میں پاک بھارت ٹاکرے سے قبل شائقین کرکٹ کے ساتھ ساتھ سیاستدان بھی پرجوش نظر آئے، وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ دعا ہے جس طرح پاکستانی عوام کو جنگ کے

بقیہ نمبر 34 اندرونی صفحہ پر

کچے کے علاقے میں فیصلہ کن آپریشن، 11 ڈاکوؤں نے ہتھیار ڈال دیئے

مظفرگڑھ (آئی این پی) کچے کے علاقے میں فیصلہ کن آپریشن جاری، مظفرگڑھ میں 11 ڈاکوؤں نے ہتھیار ڈال دیئے۔ ڈی پی او مظفرگڑھ نے دعوی کیا ہے کہ کچے کے علاقے سے ڈاکوؤں کا صفایا ہوگیا ہے، ہتھیار ڈالنے والے ڈاکوؤں کا تعلق بوسن گینگ سے ہے، گینگ

بقیہ نمبر 31 اندرونی صفحہ پر

موٹروے پولیس کی ایمانداری کی مثال، گمشدہ 53 لاکھ تلاش کرکے مالک کے حوالے کردیئے گئے

راولپنڈی (آئی این پی) راولپنڈی میں موٹروے پولیس نے ایمانداری اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کی اعلیٰ مثال قائم کرتے ہوئے لاکھوں روپے نقدی سے بھرا ایک مسافر کا بیگ بحفاظت پہنچا دیا۔ ترجمان کے مطابق واقعہ کلر کہار سروس

بقیہ نمبر 32 اندرونی صفحہ پر

اسلام آباد، وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ سے اسلام آباد بار کونسل کا وفد ملاقات کررہا ہے

کوئٹہ سے شائع ہونے والا آزاد صحافت کا علمبردار
Email: dailymeherdarqt@gmail.com
ABC CERTIFIED
DAILY MEHERDAR QUETTA
روزنامہ مہردار کوئٹہ
ایڈیٹر: سید ہاشم آغا
Ph:081 2868355
جلد 13 | جمعرات یکم اکتوبر 2026، 18 ربیع الثانی 1447ھ | شمارہ 139

سکیورٹی فورسز کی بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں کارروائیاں، 4 دہشتگرد ہلاک

ٹھکانے تباہ، اسلحہ و گولہ بارود برآمد، ٹانک میں پٹوار خانے کو نشانہ بنانے والا فتنہ الخوارج کا خودکش حملہ آور ہلاک، صدر مملکت، وزیراعظم اور وزیرداخلہ کا دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سہراب میں ایک دہشت گرد ہلاک، شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کے دوران 3 خارجی جہنم واصل، سکیورٹی فورسز ملک سے دہشتگردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کیلئے پرعزم

راولپنڈی، پشاور (آئی این پی) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا، کئی ٹھکانے تباہ اور اسلحہ و گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا جبکہ ٹانک میں پٹوار خانے کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، خودکش حملہ آور ہلاک ہوگیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت ضلع سہراب کے علاقے مال مدرسہ کے قریب آپریشن کر کے ایک دہشت گرد کو ہلاک کر دیا۔ سکیورٹی فورسز نے مال مدرسہ اور ملنگ کے درمیان دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ سکیورٹی فورسز سے فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشت گرد کو جہنم واصل کر دیا گیا جبکہ دوسرا فرار ہوگیا، فتنہ الہندوستان کے ہلاک دہشت گرد کے قبضے سے اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد کر لیا گیا ہے۔ دوسری جانب سکیورٹی فورسز کی عزم استحکام ویژن کے تحت خیبرپختونخوا میں دہشت گردوں کیخلاف بھرپور

بقیہ نمبر 1 اندرونی صفحہ پر

بلوچستان میں غذائی قلت ایک سنگین مسئلہ ہے، سرفراز بگٹی

بچوں اور خواتین کو مناسب اور معیاری غذائیت کی فراہمی صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے

حکومت بلوچستان غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے، انیتا ہرش سے بات چیت

کوئٹہ (ق ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر انیتا ہرش نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں غذائی قلت کے خاتمے، غذائی تحفظ، غذائیت کی بہتری اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں میں وسعت سمیت باہمی تعاون مزید بڑھانے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بلوچستان میں ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں، صوبے میں غذائی صورتحال اور مستقبل کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر غذائی قلت سے نمٹنے، بچوں اور خواتین کو معیاری غذائیت کی فراہمی اور غذائی تحفظ کے لیے مشترکہ اقدامات کو مزید مؤثر بنانے پر بھی بات چیت ہوئی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں غذائی قلت ایک سنگین مسئلہ ہے جس کے تدارک کے لیے حکومت، عالمی اداروں اور متعلقہ شراکت داروں کے درمیان مربوط اور مشترکہ اقدامات ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے اور اس ضمن میں عالمی اداروں کے تعاون کو اہمیت دیتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بچوں اور خواتین کو مناسب اور معیاری غذائیت کی فراہمی

بقیہ نمبر 2 اندرونی صفحہ پر

اگر کوئی مس ایڈونچر کیا گیا تو اس کا بھرپور اور آئینی جواب دیا جائیگا

گورنر راج جیسی کسی بھی دھمکی یا اقدام کیلئے پی ٹی آئی اور عوام مکمل طور پر تیار ہیں

عمران خان کی صحت سیاست سے بالاتر، فیملی کی نگرانی بنیادی حق ہے، سہیل آفریدی

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ گورنر راج جیسی کسی بھی دھمکی یا اقدام کیلئے پی ٹی آئی اور عوام مکمل طور پر تیار ہیں، اگر کوئی مس ایڈونچر کیا گیا تو اس کا بھرپور اور آئینی جواب دیا جائیگا، عمران

بقیہ نمبر 4 اندرونی صفحہ پر

وزیراعظم شہباز شریف 2 روزہ سرکاری دورے پر آسٹریا روانہ

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف آسٹریا کے چانسلر کرسچن اسٹاکر کی دعوت پر 2 روزہ سرکاری دورے پر ویانا، آسٹریا روانہ ہوگئے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد

بقیہ نمبر 5 اندرونی صفحہ پر

اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ

حکومتی دعوت کے باوجود کوئی پی ٹی آئی رہنما جیل نہیں پہنچا

طبی ٹیم کی رپورٹ جلد مرتب کیے جانے کا امکان ہے، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد کے بہترین ہسپتالوں کے ڈاکٹرز پر مشتمل میڈیکل ٹیم کی زیر نگرانی اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ شروع کر دیا گیا۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے کہا کہ میڈیکل بورڈ کی نگرانی میں بانی پی ٹی

بقیہ نمبر 6 اندرونی صفحہ پر

لیسکو کی بجلی چوری کیخلاف کارروائی

55لاکھ سے زائد مالیت کی چوری پکڑی گئی

لاہور (آئی این پی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے بجلی چوروں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے بھاری مالیت کی بجلی چوری پکڑ لی۔ پولیس کے ہمراہ ایکسین گلشن راوی اور ایس ڈی او نے بند روڈ پر بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کی،

بقیہ نمبر 7 اندرونی صفحہ پر

بانی پی ٹی آئی کی طبی ابتدائی رپورٹ حکومت پنجاب کو ارسال

بلڈ پریشر، نبض، جسمانی درجہ حرارت اور شوگر لیول کا تفصیلی چارٹ شامل

راولپنڈی (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی طبی ابتدائی رپورٹ حکومت پنجاب کو ارسال کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق رپورٹ میں عمران خان کے بلڈ پریشر، نبض، جسمانی درجہ حرارت اور شوگر لیول کا تفصیلی چارٹ شامل کیا

بقیہ نمبر 8 اندرونی صفحہ پر

ڈی جی آئی ایس پی آر کا لاہور کے مختلف تعلیمی اداروں کا دورہ

قومی سلامتی، نوجوانوں کے کردار، جدید دور میں متفرق چیلنجز اور ہائبرڈ وارفیئر پر گفتگو

لاہور (آئی این پی) ڈی جی آئی ایس پی آر احمد شریف چوہدری نے لاہور میں ایچی سن کالج، یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی اور لاہور

بقیہ نمبر 9 اندرونی صفحہ پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی اور ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کھلی کچہری کے دوران عوام کے مسائل اور شکایات براہ راست سن رہے ہیں

حکومت عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر سنجیدگی سے عمل پیرا ہے، فیصل جمالی

حلقہ انتخاب کی مجموعی ترقی اور خوشحالی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

عوام سے انتخابات کے دوران کیے گئے تمام وعدوں کو مرحلہ وار عملی شکل دی جا رہی ہے، بیان

اوستہ محمد (آئی این پی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب کی مجموعی ترقی اور خوشحالی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، اور عوام سے انتخابات کے دوران کیے گئے تمام وعدوں کو مرحلہ وار عملی شکل دی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عمرہ سعادت حاصل کرنے کے لیے روانگی کے موقع پر آئی

بقیہ نمبر 35 اندرونی صفحہ پر

امریکا کو تمام پابندیاں ہٹانی ہونگی، ایرانی نائب وزیر خارجہ

تہران (آئی این پی) ایران کے نائب وزیر خارجہ مجید تخت روانچی نے کہا ہے کہ ایران جوہری معاہدے کیلئے سمجھوتہ کرنے کیلئے تیار

بقیہ نمبر 22 اندرونی صفحہ پر

نائیجیریا، موٹر سائیکل سواروں کا خونریز حملہ

23افراد ہلاک، درجنوں اغوا، پولیس سٹیشن نذر آتش

ابوجا (آئی این پی) نائیجیریا کی شمالی ریاست نائجر میں موٹر سائیکلوں پر سوار مسلح افراد کے حملوں میں کم از کم 32 افراد ہلاک جبکہ درجنوں کو اغوا کر لیا گیا۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ریاستی پولیس کے ترجمان واسیو ابیودون نے تصدیق کی کہ مسلح افراد نے تین دیہات پر حملہ کیا، حملہ آوروں نے ٹنگاما کیری گاؤں پر حملہ کیا

بقیہ نمبر 27 اندرونی صفحہ پر

غزہ میں اسرائیلی فضائی حملے، 9 فلسطینی شہید، خیمہ بستی کو بھی نشانہ بنایا گیا

غزہ (آئی این پی) غزہ کی سول ڈیفنس اور محکمہ صحت کے حکام کا کہنا ہے کہ اتوار کے روز شمالی اور جنوبی غزہ کی پٹی میں اسرائیلی فضائی حملوں

بقیہ نمبر 23 اندرونی صفحہ پر

انتخابات میں تاریخی فتح جمہوریت کیلئے قربانیاں دینے والوں کے نام کرتا ہوں، طارق رحمان

ڈھاکا (آئی این پی) بی این پی کے سربراہ طارق رحمان نے بنگلہ دیش کے انتخابات میں تاریخی فتح کو ان شہیدوں کے نام کر دیا ہے جنہوں

بقیہ نمبر 24 اندرونی صفحہ پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی سربراہ انیتا ہرش کو سوینئر پیش کر رہے ہیں

سندھ اور پنجاب کے مختلف علاقوں میں ٹریفک حادثات

خواتین و بچوں سمیت 19 افراد جاں بحق، 12 افراد زخمی ہوگئے

کراچی، خیرپور، کوٹ ادو، بہاولنگر (آئی این پی) سندھ اور پنجاب کے مختلف علاقوں میں ٹریفک حادثات میں خواتین و بچوں سمیت 19 افراد جاں بحق اور 12 زخمی ہوگئے۔ تفصیل کے مطابق سندھ کے ضلع خیرپور کے علاقے ٹنڈو مستی کے

بقیہ نمبر 28 اندرونی صفحہ پر

سعودی عرب، زائرین کو رہائشی خدمات کی خلاف ورزی پر 2 عمرہ کمپنیوں کے لائسنس معطل

ریاض (آئی این پی) سعودی وزارت حج و عمرہ کی جانب سے زائرین کو رہائش کی خدمات کی فراہمی میں ناکامی پر عمرہ کمپنیوں کے خلاف

بقیہ نمبر 25 اندرونی صفحہ پر

چاند پر 60 برس قبل پراسرار طور پر لاپتہ ہونے والے خلائی جہاز کا معمہ حل ہوگیا

واشنگٹن (آئی این پی) چاند پر 60 سال قبل

بقیہ نمبر 26 اندرونی صفحہ پر

حکومت نے ہمارا کھانا پینا بند کر رکھا ہے

مطالبات کی منظوری تک دھرنا جاری رہے گا، عون عباس

اس وقت جو راشن اندر موجود ہے، صرف اسی پر مشکل سے گزارہ ہو رہا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی کے رہنما سینیٹر عون عباس نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اپنے مطالبات پر قائم ہے جب تک عمران خان کے علاج سے متعلق ہمارے مطالبات پورے نہیں ہو جاتے، پارلیمنٹ میں دھرنا جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر 29 اندرونی صفحہ پر

اسلام آباد، وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، صوبائی مشیر ماحولیات نسیم الرحمن ملاخیل چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے نومنتخب صدر یوسف کو کرسی پر بٹھا رہے ہیں، اس موقع پر چیئرمین ولی نورزئی، نائب صدر حاجی رفیق بشیر، عبدالخالق اچکزئی اور دیگر موجود ہیں

تیسرے اقتصادی جائزہ مذاکرات

آئی ایم ایف کا جائزہ مشن 25 فروری کو پاکستان کا دورہ کریگا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان تیسرے اقتصادی جائزہ مذاکرات کیلئے عالمی مالیاتی ادارے کا جائزہ مشن

بقیہ نمبر 19 اندرونی صفحہ پر

امریکی ناظم الامور امریکا-پاکستان تعلقات کو مضبوط بنانے کیلئے مصروف

نیٹالی بیکر نے پاکستانی عوام سے اپنے تعلق کو "دل سے قریب" قرار دیا

اسلام آباد (آئی این پی) امریکی ناظم الامور نیٹالی اے بیکر امریکا پاکستان تعلقات کو مضبوط بنانے کے لئے مصروف ہیں۔ تفصیل کے مطابق

بقیہ نمبر 20 اندرونی صفحہ پر

گاڑیوں کی فٹنس چیکنگ کے عمل کو مزید سخت بنایا جائے

وفاقی وزیر علیم خان کا ایم نائن موٹروے پر مہلک حادثے کا نوٹس، فوری تحقیقات کا حکم

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے ایم نائن موٹروے پر پیش آنے والے مہلک حادثے کا نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی فوری تحقیقات کا حکم دے دیا۔ وفاقی وزیر نے ہدایت جاری کی ہے کہ فٹنس

بقیہ نمبر 21 اندرونی صفحہ پر

منگولیا، وفاقی وزیر احسن اقبال ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے سربراہ سے محو گفتگو ہیں

سوپران پروگرام نے بی آئی ایس پی کے کردار کو مزید مستحکم کیا ہے، روبینہ خالد

قومی ترقیاتی ترجیحات کے مطابق تعلیم، صحت اور مستفید خاندانوں کی مجموعی فلاح و بہبود میں بھی اہم کردار ادا کر رہا ہے

"سوپران" نے نوعمر لڑکیوں میں خون کی کمی سے بچاؤ اور غذائیت سے متعلق آگاہی کو فروغ دیا ہے، چیئرپرسن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے غذائی معاونت کے پروگرام "سوپران" نے نوعمر لڑکیوں میں خون کی کمی سے بچاؤ اور غذائیت سے متعلق آگاہی کو فروغ دیا۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت شروع کیے گئے پائلٹ اقدام SOPRAN نے پاکستان کے سات اضلاع میں نوعمر لڑکیوں میں بہتر غذائی ضروریات کی اہمیت اور آئرن کی کمی (انیمیا) کی

بقیہ نمبر 80 اندرونی صفحہ پر

ن لیگ نے عوام دشمن اقدام کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے، جمال شاہ کاکڑ

مسلم لیگ ن ہی بلوچستان کو ترقی خوشحالی کی جانب گامزن کرنے میں سنجیدگی سے اپنی جدوجہد کو ممکن بنارہی ہے

کارکناں پارٹی کا قیمتی سرمایہ ہے کارکناں کو درپیش مسئلہ مسائل کے حل کے لئے ہر فورم پر جدوجہد ممکن بنائیں گے، گفتگو

سبی (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رکن قومی اسمبلی و صوبائی جنرل سیکرٹری بلوچستان سید جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن ہی بلوچستان کو ترقی خوشحالی کی جانب گامزن کرنے میں سنجیدگی سے اپنی جدوجہد کو ممکن بنارہی ہے

بقیہ نمبر 3 اندرونی صفحہ پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن ٹیسٹ میں بلوچستان سے پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم ولی اللہ ترین کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں، رکن صوبائی اسمبلی سید ظفر آغا بھی موجود ہیں

محنت کش طبقہ معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ہے، غلام رسول عمرانی

صوبائی وزیر کی قیادت میں محکمہ محنت و افرادی قوت عوام دوست اقدامات کے ذریعے فعال

صوبائی وزیر نے محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ اور روزگار کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کیے

بابا کوٹ (یو این اے) کمیونٹی چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے بطور صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت اپنی انتھک محنت، دیانت داری اور عوام دوستی سے صوبہ بھر میں ایک نئی مثال قائم کر دی ہے۔ انہوں نے مختصر عرصے میں محنت کش

بقیہ نمبر 10 اندرونی صفحہ پر

دہشتگردی کیخلاف قومی وحدت وقت کی ضرورت ہے، طاہر اشرفی

فلسطین کا معاملہ سب سے حساس، اس بارے افواہ سازی کی جا رہی ہے

لاہور (آئی این پی) چیئرمین علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ فلسطین کا معاملہ سب سے حساس ہے اور اس حوالے سے افواہ سازی کی جا رہی ہے، حماس کے نمائندوں نے پاکستان کے موقف کو قدر کی نگاہ سے دیکھنے کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 11 اندرونی صفحہ پر

نئے بنگلہ دیشی وزیراعظم کی حلف برداری کل ہوگی، شہباز شریف اور نریندر مودی کو مدعو کیا جائیگا

ڈھاکہ (آئی این پی) بنگلہ دیش میں نئی حکومت کی حلف برداری کی تقریب میں بھارتی وزیراعظم نریندر مودی اور پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف سمیت جنوبی ایشیائی علاقائی تعاون تنظیم (سارک) کے رکن ممالک کے سربراہان

بقیہ نمبر 14 اندرونی صفحہ پر

کسی ایسے یک طرفہ میڈیکل بورڈ کو قبول نہیں کرتے جسے رجیم نے تشکیل دیا ہو

علیمہ خان کا عمران خان کے معائنے کیلئے میڈیکل بورڈ کی تشکیل پر تحفظات کا اظہار

راولپنڈی (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے معائنے کیلئے تشکیل دیئے جانے والے میڈیکل بورڈ پر ان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے سوالات اٹھا دیے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 12 اندرونی صفحہ پر

عمران خان کی اسپتال منتقلی کے معاملے پر اپوزیشن اتحاد کا احتجاج تیسرے روز میں داخل

اسلام آباد (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اسپتال منتقلی کے معاملے پر اپوزیشن اتحاد کا احتجاج تیسرے روز میں داخل ہو گیا۔ اپوزیشن رہنماؤں کی جانب سے پارلیمنٹ ہاؤس

بقیہ نمبر 15 اندرونی صفحہ پر

صوبائی مشیر مینا مجید بلوچ اسپورٹس یوتھ پالیسی کے حوالے سے سیمینار سے خطاب کر رہی ہیں

ملک کی سیاسی فضا میں شائستگی اور اخلاقی اقدار کی کمی پر افسوس ہے، اوباما

واشنگٹن (آئی این پی) سابق امریکی صدر باراک اوباما نے ملک کی سیاسی فضا میں شائستگی اور اخلاقی اقدار کی کمی پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے یہ ردعمل اس ویڈیو کے بعد دیا

بقیہ نمبر 16 اندرونی صفحہ پر

غیرقانونی افغان مہاجرین کے خلاف گھیرا تنگ

ترکیہ میں یورپ جانے کی کوشش پر 18 افغان مہاجرین گرفتار

انقرہ (آئی این پی) مختلف ممالک میں غیرقانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائیوں کے دوران افغان مہاجرین کی گرفتاریاں جاری ہیں، جس

بقیہ نمبر 13 اندرونی صفحہ پر

سورج گرہن، دوربین سے رمضان کا چاند دیکھنے کی کوشش نہ کریں، ماہرین فلکیات کا شہریوں کو ہنگامی انتباہ

دبئی (آئی این پی) متحدہ عرب امارات کے ماہرین فلکیات نے شہریوں کو خبردار کیا ہے کہ آج 17 فروری کو رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کے دوران دوربین یا کیمرے کا غیر محفوظ استعمال آنکھوں کیلئے نقصان دہ ثابت ہو سکتا

بقیہ نمبر 17 اندرونی صفحہ پر

چین چاہے تو ایک دن میں یوکرین جنگ ختم ہوسکتی ہے، امریکی سفیر

چینی قیادت کو چاہیے کہ روسی صدر پیوٹن کو کال کر کے جنگ ختم کروا دے، بیان

برسلز (آئی این پی) امریکی سفیر برائے نیٹو میتھیو وٹیکر نے کہا ہے کہ اگر چین چاہے تو ایک دن میں روس یوکرین جنگ ختم ہو سکتی ہے۔ غیرملکی

بقیہ نمبر 18 اندرونی صفحہ پر

امن کے بغیر ترقی اور خوشحالی ممکن نہیں، میر عبید گورگیج

صوبائی حکومت قیام امن کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

حکومت کی کوششوں کے باعث متعدد اضلاع میں حالات بتدریج بہتر ہو رہے ہیں، بیان

کوئٹہ (یو این اے) رکن بلوچستان اسمبلی حلقہ پی بی 44 اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر عبید گورگیج نے کہا ہے کہ امن کے بغیر ترقی اور خوشحالی کا خواب بھی شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ جن معاشروں میں امن و امان کی صورتحال مستحکم ہوتی ہے وہاں سرمایہ کاری، روزگار کے مواقع، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں نمایاں بہتری آتی ہے، جبکہ بدامنی کی فضا ترقی

بقیہ نمبر 33 اندرونی صفحہ پر

کھیل کو سیاست سے الگ رکھنا چاہیے، خواجہ آصف

سیاستدان بھی پاک بھارت ٹاکرے کے لئے پرجوش نظر آئے

آئی سی سی کی جو ہم نے روز گنوائی ہے وہ بھی ہماری اور بنگلہ دیش کی فتح ہے

اسلام آباد (آئی این پی) آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ میں پاک بھارت ٹاکرے سے قبل شائقین کرکٹ کے ساتھ ساتھ سیاستدان بھی پرجوش نظر آئے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ دعا ہے جس طرح پاکستانی عوام کو جنگ کے

بقیہ نمبر 34 اندرونی صفحہ پر

کچے کے علاقے میں فیصلہ کن آپریشن، 11 ڈاکوؤں نے ہتھیار ڈال دیئے

مظفرگڑھ (آئی این پی) کچے کے علاقے میں فیصلہ کن آپریشن جاری، مظفرگڑھ میں 11 ڈاکوؤں نے ہتھیار ڈال دیئے۔ ڈی پی او مظفرگڑھ نے دعویٰ کیا ہے کہ کچے کے علاقے سے ڈاکوؤں کا صفایا ہوگیا ہے، ہتھیار ڈالنے والے ڈاکوؤں کا تعلق بوسن گینگ سے ہے، گینگ

بقیہ نمبر 31 اندرونی صفحہ پر

موٹروے پولیس کی ایمانداری کی مثال، گمشدہ 53 لاکھ تلاش کر کے مالک کے حوالے کر دیئے گئے

راولپنڈی (آئی این پی) راولپنڈی میں موٹروے پولیس نے ایمانداری اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کی اعلیٰ مثال قائم کرتے ہوئے لاکھوں روپے نقدی سے بھرا بیگ مسافر تک بحفاظت پہنچا دیا۔ ترجمان کے مطابق واقعہ کلر کہار سروس

بقیہ نمبر 32 اندرونی صفحہ پر

اسلام آباد، وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ سے اسلام آباد بار کونسل کا وفد ملاقات کر رہا ہے

چیف ایڈیٹر سید ہاشم آغا نے روزنامہ مہردار کوئٹہ السعید پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر خورشید لیبر ہال ملتانی محلہ کیتھا روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
dailymehardarqta@gmail.com

نئے صوبوں کی تجویز، چند گذارشات!

نئے صوبوں کی تشکیل کے حوالے سے بہت کچھ کہا گیا اور کہا جا رہا ہے۔ اس تجویز کے حامیوں کی طرف سے نئے انتظامی یونٹ (اب نام بدل کر بات کی جاتی ہے) کے حق میں جو بھی دلائل دیئے گئے ان سب کا تعلق مقامی مسائل سے ہے اور ان مسائل کے حوالے سے ساتھ ساتھ بلدیاتی اداروں کو مضبوط بنانے اور ان کے لئے انتخابی عمل کا تسلسل بحال رکھنے پر زور دیا جا رہا ہے اگر ذرا غور سے دیکھا جائے تو حمایت اور مطالبہ نئے صوبوں کا کیا جا رہا ہے لیکن مسائل کا حل بلدیاتی نظام میں ڈھونڈا جا رہا ہے اس سے تو بہتر ہے کہ اس پوری بحث کو ایک نکتے پر مرکوز کر لیا جائے کہ بلدیاتی ادارے قانون کے مطابق مضبوط ہوں تاکہ نئے صوبوں کے قیام اور صوبوں کے تعلقات اور کام میں کوئی خلل نہ آئے اور تکرار نہ ہو۔

تھوڑا سا غور کر لیں اس وقت عوام کو جو مسائل درپیش ہیں ان میں بجلی اور گیس کے نرخ اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہے تو ان کا پورا کنٹرول اور تقسیم وفاق کی ذمہ داری ہے صوبوں کا اس سے تعلق نہیں تو کیا نئے صوبوں کو یہ اختیار مل سکتا ہے کہ وہ توانائی کے شعبہ میں عوام کو ریلیف فراہم کر سکیں۔ اگر یہ ممکن نہیں تو پھر بہتر حل تو بلدیاتی اداروں کی مضبوطی اور ان کے قانونی اختیارات کی بحالی اور ان میں عدم مداخلت ہے اس لئے اس پر زور دینا اور بات کرنا چاہئے چہ جائیکہ صوبوں کا نام لے کر پہلے سے موجود بے چینی میں مزید اضافہ کر لیا جائے اور مسائل تیز کر لئے جائیں۔ ابھی تک پورے ملک میں عوام سے متعلق مسائل میں تو انائی کے بعد مہنگائی ہے اب تک اس حوالے سے صوبائی حکومتوں کی طرف سے عملی طور پر ایسا کچھ نہیں کیا جا سکا کہ گرانی میں کمی آ جائے اور بڑھتی قیمتوں کو بریک لگ سکے۔

نئے صوبوں کی تشکیل کے لئے پیش کی گئی تجویز کے پس منظر میں یہ کہا گیا کہ ملک کا نظام کولیپس (بیٹھ گیا) ہے اور اسی حوالے سے صوبوں کی تجویز کو ہوا دی جا رہی ہے، میں نے انہی سطور میں عرض کیا اور اب بھی اس پر قائم ہوں کہ نظام آئین نے بنایا اور آئین افراد کی کاوشوں کا مرہون منت ہے اس لئے اسے چلانے کا ذمہ دار بھی یہ فرد انفرادی طور پر ہے اس لئے اگر نظام میں کوئی مسئلہ ہے تو اس کا تعلق ان پاکستانی افراد سے ہے اگر یہ لوگ خود کو درست کر لیں اور آئین و قانون کے پابند ہو جائیں تو نظام بہتر ہوگا اس کے کولیپس ہونے کا کوئی خدشہ نہیں اگر انسان (پاکستانی افراد) ہی نے خود کو درست نہیں کرنا تو صوبے چھوڑ کر اضلاع بنا لیں کوئی فرق نہیں پڑے گا اس سب کے باوجود میں تو ابھی چھوٹے یونٹوں کا حامی ہوں لیکن اس کے لئے ہمیں ان خرابیوں اور برائیوں پر بھی نظر ڈالنا ہو گی جو ابھی سے پیدا ہونا شروع ہو گئی ہیں، ایک بات یہ کی جا رہی ہے کہ نئے صوبوں کا مطالبہ اس نئی اشرافیہ کی طرف سے ہو رہا ہے جو گزشتہ تین دہائیوں کے دوران اس زمرے میں داخل ہوئی ہے کہ اس کا شمار اشرافیہ (ایلیٹ کلاس) میں تو ہونے لگا ہے ان کے پاس بھی لینڈ کروزر اور مرسیڈیز آ گئی ہیں اور یہ بھی بڑی بڑی کوٹھیوں میں رہنے لگے ہیں لیکن آبائی اشرافیہ ان کے پیر نہیں لگنے دے رہی یوں ان کا مقابلہ اقتدار پر قابض اشرافیہ سے ہے جس کو اپنے اختیار میں حصہ داری قبول نہیں۔

یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ جہاں اچھائی ہو وہاں برائی کا ہونا بھی ضروری ہے اور اللہ تعالیٰ نے کائنات کی تشکیل اور آدم کی اولاد پیدا کی تو اس کے ساتھ نیکی اور برائی کا عمل بھی جاری ہو گیا جو اب تک چل رہا اور قیامت تک چلے گا اگرچہ یہ بتا دیا گیا ہے کہ نیکی بتدریج کم اور برائی بڑھتی جائے گی۔ گزشتہ دو تین مہینوں سے برسر اقتدار اتحاد کے حوالے سے بھی بہت کچھ کہا گیا، کمزوریوں کا ذکر کیا گیا، اختلافات کی بات کی گئی جو مختلف ایشوز پر اتحادیوں کے درمیان نظر آئے۔ نئے صوبوں کے حوالے سے بھی اختلافات کا ذکر آ رہا ہے اور کہا یہی جا رہا ہے کہ یہی تجویز سب کو قبول کرنا ہو گی کہ اوپر سے آئی ہے اگر ایسا ہی تو پھر اس تجویز کے داعی حضرات کو کھل کر اظہار بھی کر دینا چاہئے لیکن وہ تو ایسا نہیں کر رہے بلکہ انکار کر رہے ہیں۔

گزشتہ دنوں انہوں نے یہ بھی بتایا کہ صدر زرداری صوبوں کے حق میں نہیں، یوں ان کی جماعت بھی یہ نہیں چاہتی ان کا اور ان کی جماعت کا موقف ہے کہ سندھ ناقابل تقسیم ہے۔ دوسرے معنوں میں پیپلز پارٹی کے لئے سندھ میں نئے صوبوں کی گنجائش نہیں چنانچہ جب صدر زرداری چپکے سے انگلینڈ گئے اور سندھ اسمبلی نے پھر سے صوبوں کے حوالے سے قرارداد منظور کی کہ سندھ کی تقسیم قبول نہیں، اس مرحلے پر کہا گیا کہ آصف علی زرداری اور ”طاقت کے مرکز“ کے درمیان غلط فہمی پیدا ہو گئی کہ وہ خود ساختہ جلاوطنی پر چلے گئے ہیں تاہم صدر زرداری کے مزاج کو پیش نظر رکھا گیا کہ وہ ہنستے کھیلتے صلح کن (بلکہ بعض حضرات موقع پرست کہتے ہیں) ہیں اتنے ہی سخت بھی ہیں اگرچہ پہلی بار عہدہ صدارت پر براجمان ہونے کے بعد ان کا یہ بہادرانہ شوق کم ہو گیا تھا اور وہ اس دعوے کے ساتھ صدارت اور مصالحت چلا رہے تھے کہ جماعت اور جماعت کے کارکنوں کے ساتھ ساتھ ترقی پسند قوتوں کا بھی تحفظ کرتا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ اس بار پھر تجزیہ کاروں کا اندازہ غلط ثابت ہوا اور وہ اطمینان سے واپس آ گئے اور کچھ کہے بغیر اپنے صدارتی فرائض انجام دینے لگے البتہ بلاول بھٹو شاید اپنی سالگرہ کی خوشی میں مگن رہے ہیں۔ (اب ایک تصویر کی اشاعت سے یہ تاثر دیا گیا کہ اجتماع بلاول کی سالگرہ کا تھا کہ وہاں صنم بھٹو بھی شریک ہوئیں)

آج کی تحریر کے اصل مقصد کی طرف آتا ہوں کہ سندھ میں متحدہ نے بڑی زوردار تحریک چلانے کی کوشش کی اور کر رہی ہے کہ سندھ میں صوبے بن جائیں اب تو ڈاکٹر فاروق ستار نے ٹھونک بجا کر کہہ دیا ہے کہ سندھ کے چھ یونٹ بنا کر رہیں گے اور بنیں گے تاہم اس روا روی میں کسی نے مصطفیٰ کمال کی اس بات پر غور نہیں کیا، جو انہوں نے دو روز قبل کراچی میں کہی شاید ان کو زبان پر سیاسی قدرت حاصل نہیں ہے انہوں نے نیا نعرہ ایجاد کیا کہ پاکستان بچانا ہے تو صوبے بنانا ہوں گے۔ اللہ پاکستان کا برا چاہنے والوں کی زبان کالی کرے، ہم کتنے بدقسمت ہیں کہ ملک کے قیام کے ساتھ ہی اس کے ختم ہونے کا اعلان سنتے رہے ہیں اور اب پھر ذاتی اور جماعتی مقاصد کے لئے ویسی ہی زبان استعمال کی جانے لگی ہے۔ میرے چند سندھی اور باشعور غیر سندھی حضرات نے یہ سوال بھی پوچھا ہے کہ ایم کیو ایم نے انتظامی لحاظ سے یونٹ بنانے کی بات کی تو کیا وہ اس بات کا اعلان کریں گے کہ وہ مہاجر یا اردو بولنے والی قوم نہیں، بلکہ سندھی ہیں کہ یا تو سندھ میں پناہ لینے والے ہیں اور یا پھر ان کی اولاد جو سندھ کے صوبے میں پیدا ہوئی، ان کو سندھی کہلوانے میں کیا امر مانع ہے کہ وہ اب بھی خود کو مہاجر اور اردو سپیکنگ کہتے ہیں۔ اگرچہ اسے کئی اور پردوں میں چھپاتے ہیں اور شہری سندھ اور دیہی سندھ کہتے ہیں جیسے سندھی شہری نہیں۔ میری عرض یہی ہے کہ ہم پنجابیوں کو اس بنا پر گالی نہ دینا کہ ہم پہلے پاکستان کی بات کرتے اور پنجاب میں جو کوئی مشرقی پنجاب سے یا یوپی بہار سے آیا وہ اب پنجابی ہے مہاجر نہیں۔

ٹرمپ منصوبہ، ابراہیم اکورڈ کی پیش بندی؟

میاں اشفاق انجم

امریکی صدر ٹرمپ کے امن منصوبے کے 20 نکات پر پاکستان سمیت کئی ممالک کے تحفظات سامنے آ چکے ہیں نائب وزیراعظم اسمبلی میں وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی طرف سے ٹرمپ منصوبے کے فوری خیر مقدم کے ٹویٹ کی وضاحت کرتے ہوئے فرما رہے ہیں ٹرمپ کی طرف سے پیش کیے گئے 20 نکات وہ نہیں ہیں جو ہمارے سامنے رکھے گئے، اس میں ردوبدل کیا گیا ہے، ساتھ ہی نائب وزیراعظم نے اسرائیل کو تسلیم نہ کرنے کا بھی دوٹوک اعلان کیا ہے۔ فیلڈ مارشل جنرل حافظ عاصم منیر اور وزیراعظم کے دورہ امریکہ اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے دبنگ خطاب کے بعد حکومت کی جو بلے بلے ہو رہی تھی ہر سطح پر ستائش کا آغاز ہوا تھا وزیراعظم کے جلد بازی میں کیے گئے ٹویٹ نے وضاحت پر مجبور کر دیا۔ ٹرمپ کی طرف سے حماس کو دی گئی مہلت سے پہلے ہی حماس کی طرف سے مشروط رضامندی سامنے آنے کے ساتھ حماس کی طرف سے پیش کیے گئے مطالبات نے اسرائیلی حلقوں کو مایوس کیا ہے، کیونکہ امریکی صدر کے منصوبے میں حماس کا کوئی کردار نہیں دیا گیا۔ یکطرفہ اسرائیلی فوجیوں کی رہائی کی بات تو کی گئی ہے مگر فلسطینی مجاہدین کی رہائی کا ذکر نہیں کیا گیا۔ فلسطینی نگران حکومت کے ساتھ مرکزی کردار سابق وزیراعظم برطانیہ ٹونی بلیئر کا سامنے آیا ہے۔ حماس نے اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی کا کنٹرول غیر جانبدار اتھارٹی کو دینے پر رضامندی دیتے ہوئے کہا ہے حماس یکطرفہ ہتھیار نہیں ڈالے گی۔ افسوسناک پہلو یہ ہے امریکہ ایک طرف امن منصوبے کا فارمولا پیش کر کے جنگ بندی کی نوید سنا رہا ہے۔ دوسری طرف اسرائیلی فوجی بمباری پر بمباری کرتے جا رہے ہیں، 70 سے 80 افراد کے شہید ہونے کا سلسلہ رک نہیں رہا۔ اسرائیل کے تازہ بیان نے امت مسلمہ کو ہلا کر رکھ دیا ہے جنگ بندی عارضی ہے ہماری جدوجہد اسرائیلی ریاست کے قیام تک جاری رہے گی۔ امریکہ اور اسرائیل کے اندر کھاتے شروع کیے گئے کھیل کے تانے بانے امریکہ کی ثالثی میں 2020ء میں اسرائیل اور چند عرب ممالک (متحدہ عرب امارات، بحرین، مراکش، سوڈان) کے درمیان طے پانے والے معاہدے سے ملتے ہیں جسے ابراہیم اکورڈ کا نام دیا گیا تھا اس معاہدے کا مقصد اسرائیل کا حلقہ اثر بڑھانا، دیگر ممالک کے ساتھ حالات کو معمول پر لانا، سفارتی، تجارتی، سیاحتی، ثقافتی تعلقات کے ساتھ سکیورٹی کوآرڈی نیشن قائم کرنا۔ اسی ابراہیم اکورڈ کے تحت بہت سے اسلامی ممالک کی طرف سے اسرائیل کو تسلیم کرنے کا اعلان تھا، اصل ٹارگٹ گریٹر اسرائیل تھا۔

ماضی میں عرب لیگ کا مشترکہ موقف تھا کہ اسرائیل سے تعلقات تب ہوں گے جب فلسطینیوں کو آزاد ریاست کا حق ملے گا۔ عرب پیس انیشی ایٹو 2002ء کے تحت عرب ممالک کا موقف تھا ابراہیم اکورڈ نے اس یکجہتی کو نہ صرف پارہ پارہ کیا بلکہ اسرائیل سے تعلقات کے لئے آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کی شرط کو بھی پس پشت ڈال دیا گیا۔ ابراہیم اکورڈ کے تحت اسرائیل کو بغیر فلسطینی ریاست دیئے عرب ممالک سے تعلقات مل گئے، اسرائیل کو فائدہ ہوا اور فلسطین دباؤ میں آ گیا اس سے اسرائیل کو خطے میں مزید قبولیت مل گئی جس سے اس کی پوزیشن مزید مضبوط ہوتی گئی، اس طرح گریٹر اسرائیل کے قیام کی طرف پیش رفت جاری رکھی گئی۔ فلسطینی عوام کے پاس سفارتی دباؤ کم ہوتا چلا گیا، کیونکہ کئی عرب ممالک نے اسرائیل سے تعلقات کو فلسطین مسئلے سے مشروط نہ رکھا، کچھ ممالک جن میں پاکستان، ترکی، ایران، ملائیشیا شامل ہیں، نے کھل کر تنقید کی یہ فلسطین کے ساتھ غداری ہے جبکہ خلیجی ممالک اور بعض عرب ممالک نے معاشی اور سیاسی فائدے کو ترجیح دی اس طرح مسلم امہ کی یکجہتی ٹوٹ گئی اس وقت بھی عرب اور مسلم عوام فلسطینیوں کے ساتھ ہمدردی رکھتے ہیں مگر حکومتوں نے اپنے اپنے مفاد میں اندر کھاتے معاہدے کر لئے ہیں اس وجہ سے بعض حکومتوں کے درمیان بھی فاصلے بڑھ گئے ہیں۔ ابراہیم اکورڈ کے بعد فلسطینیوں کی جدوجہد کمزور ہوئی، اسرائیل کو مزید طاقتور سفارتی مقام مل گیا، مسلم دنیا کی اجتماعی آواز کمزور ہوئی اب ایسا لگتا ہے کہ قبلہ اول (بیت المقدس) پر اسرائیلی قبضہ مزید مضبوط ہو جائے گا۔ ایرانی، عرب، ترک عرب اختلافات بڑھ گئے کچھ ممالک اس معاہدے کے خلاف ہیں کچھ اس کے حامی۔ سوال اٹھتا ہے کیا ابراہیم اکورڈ کے تحت فلسطین کو اس کا حق ملے گا؟ اس کا جواب ہے نہیں۔ حقیقت بھی یہی ہے ابراہیم اکورڈ نے فلسطین کو اس کا حق نہیں دیا، اسرائیل نے صرف اتنا کہا ہے وہ وقتی طور پر ویسٹ بنک کے کچھ حصے ضم کرنے کے فیصلے کو مؤخر کرے گا مگر فلسطین کو آزاد ریاست یا حق خود ارادیت دینے کی ضمانت نہیں دے گا اس لئے سنجیدہ حلقوں میں بے چینی پائی جا رہی ہے۔ ابراہیم اکورڈ فلسطینی کاز کو نقصان دے رہا ہے فائدہ نہیں۔

ابراہیم اکورڈ کے سامنے آنے سے اب تک یہ بات کھل کر سامنے آ چکی ہے ابراہیم اکورڈ دراصل اسرائیل اور کچھ عرب ممالک کے درمیان تعلقات ”معمول پر لانے“ کا معاہدہ ہے۔ فلسطین کو اس معاہدے نے کمزور کیا، مسلم امہ کی یکجہتی و وحدت ٹوٹنے کا باعث بنا اسرائیل کا اصل ٹارگٹ اسرائیلی ریاست کا قیام اور ہیکل سلیمانی کی تعمیر کے لئے اتفاق پیدا کرنا ہے۔ 2020ء میں طے پانے والے ابراہیم اکورڈ کے نکات کو اگر صدر ٹرمپ کے موجودہ امن معاہدے کے تناظر میں دیکھا جائے تو اندازہ ہوتا ہے یہ اسی کا تسلسل ہے اب ہم نئے 20 نکات کی طرف آتے ہیں جن پر عملدرآمد کے لئے صدر ٹرمپ خود سربراہ ہوں گے۔ ٹونی بلیئر کے ہمراہ عالمی نمائندوں کا اعلان ہونا باقی ہے، اولین غزہ کی بحالی، امن کا قیام اسرائیلی حکومت غزہ سے عوام کو نقل مکانی پر مجبور نہیں کرے گی۔ اسرائیلی یرغمالیوں کے بدلے 250 عمر قید سمیت 1700 فلسطینیوں کو رہا کرے گا۔ یرغمالیوں کی رہائی اور فلسطینی قیدیوں کو جیلوں سے آزاد کرنے کے عمل کے دوران اسرائیلی فوجی کارروائیاں معطل کریں گے۔ فوجی انخلاء جاری رہے گا۔ یرغمالیوں کی رہائی اور فلسطینی قیدیوں کو جیلوں سے آزاد کرنے کے عمل کے دوران اسرائیلی فوجی کارروائیاں معطل کریں گے۔ فوجی انخلاء جاری رہے گا، علاقائی اور بین الاقوامی افواج غزہ کو سکیورٹی فراہم کریں، فلسطینی پولیس کو ٹریننگ دیں گے۔ انسانی امداد بغیر رکاوٹ پہنچائی جائے گی امریکہ فلسطینیوں اور اسرائیلیوں کے درمیان باہمی مذاکرات کی سہولت کاری کرے گا۔ حماس کا کوئی کردار نہیں ہو گا۔ حماس ہتھیار بغیر کسی شرط کے سرنڈر کرے گی۔ صدر ٹرمپ کے تازہ امن فارمولے کا پول کھل چکا ہے اسرائیل کی طرف سے جارحیت جاری ہے۔ دوسری طرف حماس کے اقدامات پر مسلم ممالک کی طرف سے خیر مقدم جاری ہے۔ غزہ جنگ بندی کی نوید ہے مگر ہو نہیں رہی۔ مصر میں مذاکرات کا آغاز ہو گیا ہے۔ کہا جا رہا ہے اس دن بڑے اہم ہیں 15 اکتوبر تک بہت کچھ سامنے آ جائے گا۔ امت مسلمہ کی امیدیں 57 اسلامی ممالک کے سربراہوں پر لگی ہوئی ہیں اللہ ان کو ہدایت دے وہ قبلہ اول کے ساتھ کھڑے ہو جائیں آزاد فلسطینی ریاست کے نعرے پر یکسو ہو جائیں۔

نوٹ: آج جب یہ سطور پڑھ رہے ہوں گے تو مصر میں ٹرمپ کے 20 نکات اور حماس کے اعتراضات اور آٹھ مطالبات میں سے درمیانی راستہ نکال کر ابتدائی مسودے پر دستخط ہو چکے ہوں گے اور صدر ٹرمپ مبارکبادیں وصول کر رہے ہوں گے۔

کھابا گیری اور اس کا انجام؟

چودھری خادم حسین

انسان اپنے آپ میں بہت اتراتا ہے، حالانکہ یہ مٹی کا پتلا فطرت کے سامنے مجبور ہے اور قدرت کے لئے تو محض ایک خاکی انسان ہے جس کی ہر شے اور ہر حرکت نوٹ ہوتی ہے اور اس کے نامہ اعمال میں تحریر ہوتی رہتی ہے جو روز حساب اس کے سامنے آ جائے گی۔ اسی حوالے سے یہ بھی گزارش ہے کہ تندرستی ہزار نعمت ہے، اگرچہ بیماری رحمت بھی ہو۔ انسان کی وقعت صرف اتنی ہے کہ تھوڑی سی خوراک سے نڈھال ہو جاتا اور اللہ یاد آ جاتا ہے۔ آج کل موسم تبدیل ہو رہا ہے، ایسے میں ہمارے باپ کھانے، پینے، اٹھنے بیٹھنے اور چلنے پھرنے میں احتیاط کی ہدایت کیا کرتے تھے۔ یہ گزشتہ ہفتے کے آخری روز کا ذکر ہے، جب برخوردار عاصم نے فیصلہ کیا کہ کھانا گھر سے باہر کھایا جائے گا اور تھوڑی سی آؤٹنگ ہو گی۔ میں تھوڑے پس و پیش کے بعد راضی ہو گیا کہ میرا روزمرہ کا معمول رات کا کھانا سات سے ساڑھے سات بجے تک کھا لینا معمول بن چکا ہے، حتیٰ کہ اگر کبھی کسی شادی والی تقریب میں بھی جانا ہو تو میں رات کا کھانا کھا کر جاتا ہوں تاہم اس روز سارا گھر تیار ہوا تو میں بھی انکار نہ کر سکا۔ عاصم نے گاڑی رائے ونڈ روڈ پر ڈالی تو پوچھا کیا گلبرگ چھوڑ کر اس طرف کہاں جا رہے ہو، اس کا جواب تھا آج تھوڑی آؤٹنگ بھی ہو گی، چنانچہ یہ سفر طویل ہوا اور ایک بڑی ہاؤسنگ کالونی پر اختتام پذیر ہوا، اس کے کمرشل ایریا میں رونق تھی اور ایک فوڈ شاپ پر بکنگ پہلے سے کرائی گئی تھی، دروازے کے بعد ریسٹورنٹ میں داخل ہونے پر اندازہ ہوا کہ وہاں تو رش ہے اور بہت سے حضرات ہماری طرح دور سے آئے ہیں کہ ریسٹورنٹ کا اور شہرت جاذب نظر تھی، بہرحال کھانا بوفے تھا، میں ہمیشہ اس طرز کے خلاف رہا اور عاصم سے تکرار کرتا ہوں کہ کھانے کے لئے پسند کی شے منگوانا بہتر ہوتا ہے، بہرحال یہاں تو جو ہونا تھا ہو چکا۔ جب اجازت ملی کہ مہمان کھانا لے سکتے ہیں تو ہم نے بھی سلاد سے شروع کر کے بہت سے پکوانوں میں سے تھوڑا تھوڑا پسند کا سالن لیا اور آ کر کھایا، یہ محفل بخیر و خوبی انجام پذیر ہوئی اور ہم گھر آ گئے، آمد تھوڑی دیر سے ہوئی، سوتے وقت بے چینی نے گھیر لیا، خیال کیا کہ دیر کے باعث ہے، کروٹیں بدل کر سوئے اور جب الارم کی آواز نے جگایا تو محسوس ہوا کہ الٹا حال ہے کہ کمزوری کے ساتھ ساتھ پیٹ سخت تھا، بڑی مشکل اور تنگی سے وضو کے بعد نماز فجر ادا کی اور پھر سونے کی کوشش کی جو بے کار تھی کہ پیٹ کے باعث بے چینی جاری رہی۔

اس روز سے آج تک یہ کیفیت موجود ہے اگرچہ دوا، دعا اور پرہیز سے افاقہ ہوا ہے لیکن اب بھی نقاہت ہے، تین کلو کم ہو گئی اور یوں کارکردگی سست ہے ادویات اور پرہیز نے بہتری کی ہے تاہم ابھی تک پہلے جیسی حالت نہیں اور مجبوراً بیڈ روم تک محدود ہو کر رہنا پڑتا ہے۔ قارئین! میں نے اپنی اس حالت کا ذکر اس لئے کیا کہ بہت سے دوستوں نے استفسار کیا ہے، تاہم اصل وجہ یہ ہے کہ آپ سب کو بھی آگاہ کر سکوں کہ یہ جو ہم روزانہ ہزاروں روپے خرچ کر کے گھر کے باہر چسکا پورا کرتے ہیں تو یہ کمزور یا کم مدافعت والوں کے لئے بیماری کا سبب بن جاتے ہیں کہ ریسٹورنٹس اور کھابہ گھروں کی صفائی ستھرائی اور خوش اخلاقی کے باوجود خوراک کا معیار مختلف ہے بلکہ بہتر نہیں کیونکہ خوراک کے معیار اور مکس وغیرہ کی جانچ پڑتال کا جو نظام ہونا چاہیے اور مہذب ممالک میں ہے وہ ہمارے ہاں نہیں ہے، اس لئے یہ کھابا گھر کے مالکان اور انتظامیہ کی صوابدید ہے کہ وہ گاہکوں کی صحت کا خیال رکھیں اور خوراک کو مضر ہونے سے بچانے کا پورا اہتمام کریں، لیکن ایسا ہوتا نہیں اور ہم بھی بے طریق کر کے بیماری لے لیتے ہیں، یہ سلسلہ ہر ایک کے ہاں نہیں جو ہم بعض بڑی شہرت کے حامل بھی مستثنیٰ نہیں ہیں اور کئی بار گاہکوں کو شکایت کرتے دیکھا گیا ہے۔

دلچسپ امر یہ ہے کہ یہ شکایات ان ریسٹورانوں، سڑک چھاپ ہوٹلوں اور تان کا والوں سے نہیں، بڑے بڑے ہوٹلوں سے بھی ہے جبکہ ہمارے ملک خصوصاً بڑے شہروں میں فوڈ کا کاروبار عروج پر ہے جس کی شہرت بن جائے اسے فرصت نہیں ملتی۔ ہمارے دیکھتے دیکھتے چھوٹی چھوٹی دکانوں والے کمرشل پلازہ بنا کر وہاں بڑا ہوٹل اور ریستوران کھول چکے ہیں اور یہ سب شہریوں کی جیب سے ہوتا ہے۔ معلوم نہیں یہ ٹیکس دیتے ہیں یا نہیں اور دیتے بھی ہیں تو آمدنی کے تناسب سے دیتے ہیں یا ڈنڈی مارتے ہیں، ہر بڑے شہر کے کسی نہ کسی کھابہ گھر کی کوئی نہ کوئی شے مشہور ہو جاتی ہے جیسے جی ٹی روڈ پر دال کا شہرہ ہوا اور لوگ لاہور سے جا کر کھاتے تھے، تاہم بات پھر وہی ہے کہ عوام اور گاہکوں کی صحت کا انحصار بھی خوراک کے معیار پر منحصر ہے جس کی پڑتال کا فول پروف انتظام نہیں، اگرچہ فوڈ اتھارٹی موجود ہے۔ اگر یہ حال بڑے نام والوں کا ہے تو سڑک پر بیٹھے دوکانداروں کی کیفیت کیا ہو گی۔ محترم قارئین! آج اس قابل ہوا ہوں کہ کچھ دیر بیٹھ کر فرائض انجام دوں ورنہ ڈاکٹر صاحب کی ہدایت ہے کہ ابھی چار پانچ روز احتیاط اور آرام کرو۔ اللہ سے توبہ اور شفا کی دعا اور آپ سے بھی استدعا ہے کہ دعا صحت فرمائیں۔

☆☆☆☆☆

بنیادی تعلیم ہر بچے کا حق ہے

ریاض احمد چودھری

اگر ہم سوشل میڈیا کا جائزہ پیش کریں تو یوں لگتا ہے کہ جیسے پاکستان میں تعلیم یافتہ افراد کا تناسب سو فیصد تک پہنچ چکا ہے کیونکہ وہاں جو کچھ ہو رہا ہے اس سے تو یوں لگتا ہے جیسے پورا پاکستان کیا مرد کیا خواتین سب اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں اور قوم کو درس دینے پر مامور ہو چکے ہیں۔ بچے کی پیدائش سے لے کر انسان کے قبر تک جانے اور وہاں انسان کے ساتھ کیا کچھ ہونے والا ہے سب کچھ بتانے کے لئے دانشور، محقق، حکیم اور تو اور سیاست دان اور صحافی بھی میدان میں آ چکے ہیں۔ حد تو یہ ہے کہ نوجوان خواتین، نوجوان لڑکے لڑکیاں اور نوبیاہتا جوڑوں کو جنسی تعلیم دینے کے لئے اپنی مہارت کا اظہار کر رہی ہیں ان حالات میں اگر ہم یہ کہیں کہ ہمارے ملک میں تعلیم کا تناسب پچاس فیصد سے بھی کم ہے تو لوگ یہی کہیں گے کہ ہمیں غلط فہمی ہوئی ہے اس لئے ہمیں پھر سے اپنے ملک میں تعلیمی تناسب کا جائزہ لینا چاہیے لیکن عالمی ادارے یا ملکی ادارے جو اس قسم کے سروے کرتے ہیں ان کے اعداد و شمار بھی تو غلط نہیں ہوتے کیونکہ یہ ادارے کسی بھی معاملے میں غلط اعداد و شمار پیش کریں گے تو ان پر حکومت قوم کو گمراہ کرنے کے الزام میں پابندی عائد کر سکتی ہے چونکہ یہ سارے ادارے باقاعدگی سے کام کر رہے ہیں اور حکومت ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کر رہی تو پھر یہ مان لینا چاہیے کہ یہ ادارے ٹھیک ہی تو کہہ رہے ہیں۔

لیکن کسی بھی عمل کو کرنے سے پہلے اس کے بارے میں علم حاصل کرنا از حد ضروری ہوتا ہے جب کسی بھی عمل کے لئے بنیادی علم کا ادراک نہ ہوگا تو وہ عمل افادیت سے خالی ہوگا جیسا کہ علما کہتے ہیں کہ اگر آپ نماز صحیح طریقے سے ادا نہیں کرتے تو نماز بے سود ہے اور وہ اللہ کے ہاں قبول نہیں ہوتی اسی طرح اگر آپ کوئی بھی عمل اس کے قاعدے کے مطابق نہیں کرتے تو وہ عمل، عمل ناقص کہلائے گا۔ فارسی زبان تقریباً چودہ سو سال پرانی ہے اور اردو زبان کی تشکیل و تعمیر میں 75 فیصد حصہ اسی زبان کا ہے۔ اس لئے اس زبان کا تذکرہ یہاں بے محل نہ ہوگا۔ فارسی میں ضرب المثل کا استعمال اس طرح کیا جاتا ہے۔ ایک جگہ کہا جاتا ہے کہ ”نقل را چہ عقل“ یعنی نقل کے لئے عقل کی کیا ضرورت ہے اور دوسری طرف کہا جاتا ہے کہ ”نقل را عقل باید“ یعنی نقل کے لئے بھی عقل کی ضرورت ہے۔ اب نقل کرنے والے کی علمی بصارت یا قابلیت پر منحصر ہے کہ وہ کس ضرب المثل کو کہاں استعمال کرتا ہے یعنی کہ دونوں صورتوں میں علم کی ضرورت ہے۔

ہمارے ملک خصوصاً پنجاب میں تعلیمی اداروں خصوصاً پرائمری سے لے کر میٹرک تک جو اکھاڑ پچھاڑ کی جا رہی ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ حکومت بنیادی تعلیم کے حوالے سے اتنی سنجیدہ نہیں ہے جتنا اسے ہونا چاہیے۔ مختلف سکولوں کو ایک دوسرے میں ضم کر کے ہزاروں اساتذہ کو ان کی نوکریوں سے فارغ کرنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے اور کہا یہ جا رہا ہے کہ یہ اساتذہ حکومت پر سوائے مالی بوجھ کے اور کچھ نہیں ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ جو بھی پنجاب حکومت میں تعلیمی شعبے کی خدمت کے لئے اوپر بٹھایا جاتا ہے وہ اس کی اصلاح کے نام پر اس کی توڑ پھوڑ شروع کر دیتا ہے۔ ہر نئے ادارے خصوصی تعلیمی ادارے میں جس بھی بیوروکریٹ کو تعینات کیا جاتا ہے وہ خود کو عقل کل سمجھ کر اس میں نئے نئے تجربات کا آغاز کرتا ہے جس سے پہلے سے موجود سکولوں میں موجود سسٹم ریزہ ریزہ ہو کر بکھر جاتا ہے اور سارا بوجھ وزیراعلیٰ پر یہ کہہ کر ڈال دیا جاتا ہے کہ اوپر سے آنے والے حکم کے مطابق اصلاحات کی جا رہی ہیں جبکہ اصل میں پہلے سے موجود نظام کو اس قدر برا کیا جاتا ہے کہ دیکھنے اور سننے والا بھی قائل ہو جاتا ہے۔ حالانکہ ماضی قریب میں ریٹائر ہونے والے نوے فیصد بیوروکریٹس جو مختلف محکموں کے سربراہ رہے ہیں خود اس بات کا اعتراف کر چکے ہیں کہ وہ اسی بنیادی نصاب تعلیم اور پرائمری سکولوں کے ٹاٹ سسٹم سے گزر کر یہاں تک پہنچے ہیں جسے آج فرسودہ نظام تعلیم کہہ کر رد کیا جا رہا ہے۔

ماہرین تعلیم کا یہ متفقہ فیصلہ ہے جب تک ہم بنیادی نظام تعلیم یعنی پرائمری سے میٹرک تک بچوں کو صحیح طور پر تعلیم یافتہ نہیں بناتے، اس وقت تک ہم ایسے گریجوایٹ پیدا نہیں کر سکتے جو ملک کی ترقی کے لئے کام کرنے کے اہل ہوں جبکہ اس کے برعکس ہمارے ان سکولوں کی حالت زار اور تعلیمی صورتحال سے اندازہ ہوتا ہے کہ سکولوں کے لئے ایک الگ دفتر قائم کرنے کے باوجود ہم وہ مقاصد حاصل کرنے میں ناکام ہیں۔ ان سکولوں کے اساتذہ انتہائی کم تنخواہ کی وجہ سے معاشی مسائل میں بری طرح گھرے ہوئے ہیں جبکہ حکومت ان کو مزید بے روزگار کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے۔ یہی وجہ ہے کہ والدین اب اپنے بچوں کو پرائیویٹ تعلیمی اداروں میں مہنگے داموں تعلیم دلانے پر مجبور ہیں اور غریب متوسط طبقے افراد جن کی آمدنی بچوں کو پرائیویٹ تعلیمی اداروں میں پڑھانے کی اجازت نہیں دیتی ان کے بچے تعلیم سے محروم رہ جاتے ہیں جو بچے پرائمری تعلیم سے محروم ہوں وہ اعلیٰ تعلیم کا تصور کیسے کر سکتے ہیں۔ ہر سال آٹھ ستمبر کو عالمی سطح پر یوم خواندگی منایا جاتا ہے پاکستان میں بھی اس سلسلے میں تقاریب منعقد کی جاتی ہیں لیکن وہ محض نمائشی تقاریب کہلاتی ہیں جن کا تعلیمی میدان میں بہتری کا کوئی شائبہ تک نظر نہیں آتا۔ یہ تقاریب محض نشستن، گفتن اور برخاستن تک محدود ہوتی ہیں اور اکثر مجلسوں کے لئے ان تقاریب کا مقصد فنڈز کا حصول ہوتا ہے۔ وہ فاؤنڈیشن کے ذریعے فنڈز دینے والے اداروں کو یہ باور کرانے کی کوشش کرتے ہیں کہ وہ ملک میں خواندگی کے فروغ کے لئے بڑا کام کر رہے ہیں حالانکہ وہ محض اپنی حالت سدھارنے کے لئے کوشاں ہوتے ہیں۔ اگر ہر صاحب حیثیت شخص ایک غریب بچے کو پڑھانے کی ذمہ داری لینے کے لئے راضی ہو جائے تو ہو سکتا ہے ہمارے ملک میں پڑھے لکھے لوگوں کا تناسب 100 فیصد تک پہنچ جائے۔

پیپلز پارٹی کی کم عقلی

حامد ولید

پیپلز پارٹی نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کو متنازع بنا دیا ہے، آج بات ہو رہی ہے کہ پنجاب میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا 35 فیصد ڈیٹا غلط ہے، ایک ایک گھر میں تین تین لوگ اس کے تحت رقم وصول کر رہے ہیں۔ رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی کے دور میں چودہ سے تیس فیصد ڈیٹا غلط تھا بعد میں جب پی ٹی آئی نے سروے کروا کے اس پروگرام کے تحت امدادی رقوم کی تقسیم شروع کی تو بات 35 فیصد تک پہنچ گئی تھی۔

گویا کہ پیپلز پارٹی نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت سیلاب زدگان کی مدد کی بات کر کے اپنے تئیں بہت بڑی سیاسی چال چلی تھی کہ اس سے جنوبی پنجاب کے لوگ پیپلز پارٹی کے ساتھ جڑے رہیں گے لیکن رانا ثناء اللہ کے بقول وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے موجودہ سیلاب کے دوران جس قدر جنوبی پنجاب کے لوگوں کی خدمت کی ہے اس سے انہوں نے جنوبی پنجاب کو خرید لیا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ رانا ثناء اللہ نے یہ باتیں وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن کے منہ پر کہیں اور جواب میں وہ آئیں بائیں شائیں کرتے نظر آئے۔

اگر سوال یہ ہے کہ کیا پنجاب سے پیپلز پارٹی کا صفایا ہو گیا ہے تو اس کا جواب ہاں میں ہے کیونکہ جناب آصف زرداری نے پی ٹی آئی کے ساتھ مل کر پنجاب سے نون لیگ کو ووٹ چرانے کا جو منصوبہ بنایا تھا اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ آج پنجاب سے پیپلز پارٹی کا ڈبہ گول ہو گیا ہے اور اب ساری پیپلز پارٹی لکیر کو پیٹ رہی ہے جبکہ پی ٹی آئی کا سانپ کب سے اس کی مقبولیت کے اوپر سے گزر چکا ہے۔ موجودہ سیلاب میں پیپلز پارٹی نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کو بھی متنازع بنا دیا ہے اور حکومت پنجاب کے بعد اب وفاق سے بھی اس پروگرام کی شفافیت پر اعتراض اٹھ گیا ہے۔ یہ ہے جناب منظور وسان جیسے عاقبت نااندیش پارٹی ورکروں کی سیاسی کوتاہ بینی کہ اب سے آگے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی شفافیت بھی ایک سوال بن کر کھڑی رہے گی۔ جناب شرجیل میمن کا جواب تھا کہ اگر بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام غیر شفاف ہے تو وفاقی حکومت نے امسال ماہ رمضان میں اس پروگرام کے تحت امدادی سامان کی تقسیم کیوں کی؟ ان کے تئیں یہ جواز اس بات کو ثابت کرنے کے لئے کافی تھا کہ پروگرام غیر شفاف نہیں ہے لیکن کیا خبر کہ ایک مفاہمت کے بادشاہ شہباز شریف نے دوسرے مفاہمت کے بادشاہ آصف زرداری کی لاج رکھنے کے لئے خاموشی اختیار کر لی ہو مگر کابینہ میں یہ نکتہ زیر بحث تو آیا ہوگا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا 35 فیصد ڈیٹا غلط ہے مگر وزیراعظم نے کہا ہو کہ اس پر بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ مگر اب جب کہ پیپلز پارٹی نے اس پروگرام کو لے کر جنوبی پنجاب کے سادہ لوح عوام کے ذہنوں پر [illegible] کی کوشش کی ہے تو نون لیگ نے بھی سچ بولنے کی ٹھان لی اور یوں پیپلز پارٹی کو لینے کے دینے پڑ گئے ہیں۔

پلوشہ خان نے علاقائی لڑائی کا تذکرہ کیا تو اس پر راقم کو یاد آ گیا کہ کس طرح سندھ کی بزنس کمیونٹی ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچتے اور ایک دوسرے کے کانوں میں کسی تیسرے کے خلاف باتیں کرنے کا تجربہ ہوتا رہا ہے۔ ایک مرحلے پر تو راقم کو پنجاب کے ایک بزنس لیڈر کو یہاں تک کہنا پڑا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ کراچی میں مسلسل وزٹ کرنے کے نتیجے میں آپ بھی ایسی ہی منافقانہ حرکتیں شروع کر دیں کیونکہ پنجاب کے لوگ پیٹھ پیچھے برائی کرنے کی بجائے سینہ ٹھوک کر مخالف کے منہ پر بات کرنے کے عادی ہوتے ہیں۔ بے نظیر انکم سپورٹ کے سیاسی استعمال کی ضد کو شریف خاندان کی علاقائی لڑائی قرار دے رہے ہیں جن کو سندھ میں ذوالفقار بھٹو جونیئر کی مخالفت کا سامنا ہے اور جن پر میر مرتضیٰ بھٹو کے قتل کا الزام لگایا جاتا ہے۔

اس سے قبل پنجاب کی پیپلز پارٹی نے اپنے اپنے شہروں، ضلعوں اور حلقوں میں انتظامی بھرتیوں کا جھگڑا کھڑا کیا تھا اور اس میں کمائی ڈالنے کی کوشش کی تھی مگر جب بھی وزیراعلیٰ پنجاب نے ڈنکے کی چوٹ پر کہا تھا کہ وہ سیاسی بنیادوں پر ٹرانسفر پوسٹنگ نہیں ہونے دیں گی اور صرف شفافیت اور میرٹ کو ترجیح دیں گی، ان کی طرف سے صاف انکار پر پنجاب میں پیپلز پارٹی کو اپنے پاؤں سمیٹنے پڑے تھے مگر اب جبکہ آدھا پنجاب سیلاب میں ڈوبا ہوا تھا وہ دوبارہ سے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا شوشہ لے کر کھڑی ہو گئی اور بات یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ اس پروگرام کے نقائص ٹی وی پروگراموں میں زیر بحث آنا شروع ہو گئے ہیں اور پی ٹی آئی کہتی ہے کہ ایسا ہے تو اس کا آڈٹ ہونا چاہیے کیونکہ اگر ساڑھے سات ارب روپے کے پروگرام میں سے 35 فیصد رقم غلط ہاتھوں میں جا رہی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ ڈیڑھ دو ارب روپیہ خورد برد ہو رہا ہے۔ اس کو کہتے ہیں چوری اور سینہ زوری اور پیپلز پارٹی والوں سے تو انکار کیا جا سکتا ہے کہ ہو وہ چور کیونکہ یہ نمازیں بخشوانے گئی تھی کہ روزے گلے پڑ گئے۔

اس سارے قصے سے ثابت ہوتا ہے کہ اب سیاست کا پرانا وتیرہ پٹ چکا ہے اور گھسے پٹے کلئے نہیں چلیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ کراچی میں سوشل میڈیا پر یہ ٹرینڈ پاپولر ہے کہ مراد علی شاہ لے لو اور مریم نواز دے دو... ایسے میں وزیر داخلہ محسن نقوی کیا معجزہ کر دکھائیں گے؟

پنجاب اور سندھ، نورا کشتی یا اصلی مقابلہ؟

نسیم شاہد

عوام ابھی تک سمجھ رہے ہیں پنجاب اور سندھ میں نورا کشتی ہو رہی ہے، کیونکہ دونوں صوبوں میں برسر اقتدار جماعتیں وفاق میں اتحادی ہیں اور اتحادی بھی ایسی کہ ایک چھوڑ جائے تو دوسری اقتدار میں نہ رہ سکے، مگر اس کے باوجود بڑی کامیابی سے آج کا بڑا مسئلہ، پنجاب اور سندھ کی لڑائی کو بنا دیا گیا ہے، جہاں تک وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا تعلق ہے تو وہ پنجاب کے معاملے میں کسی بھی طرح پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں، بلکہ ہر نئے دن کے ساتھ وہ اس حوالے سے جارحانہ انداز اختیار کر رہی ہیں یہ لڑائی اصلی ہے یا نہیں اس سے قطع نظر یہ حقیقت تو سامنے آ رہی ہے کہ پنجاب میں کتنا کام ہو رہا ہے اور سندھ میں کتنا۔ سندھ کے وزراء جب یہ کہہ رہے ہوتے ہیں کہ مریم نواز کو خود پسندی کا خبط ہو گیا ہے یا وہ نرگسیت کا شکار ہو گئی ہیں تو یوں لگتا ہے وہ کسی مضبوط دلیل کی بجائے شخصی حملوں تک آ گئے ہیں، ہر سیاسی رہنماء کی جو اقتدار میں آتا ہے یہ خواہش تو ہوتی ہے کہ وہ عوام کی نظر میں خود کو نمایاں کرے۔ مریم نواز نے اس پر کچھ زیادہ ہی توجہ دی ہے تو اس کا نتیجہ بھی تو نکل رہا ہے کہ پیپلز پارٹی ان کی شخصیت کو نشانہ بنا رہی ہے۔ میں ذاتی طور پر خود بھی بعض اوقات یہ سمجھتا ہوں کہ بات کچھ زیادہ ہو گئی ہے لیکن یہ تو ماننا پڑے گا کہ آج ہر طرف مریم مریم ہو رہی ہے تو اس حکمت عملی نے اپنا اثر تو دکھایا ہے۔ اب اس بات پر اعتراض کیسے کیا جائے کہ مریم نواز پنجاب کی بات کیوں کر رہی ہیں۔ وہ پنجاب کی وزیراعلیٰ ہیں تو اپنے صوبے کی بات تو کریں گی۔ ایسا پہلے کبھی کسی وزیراعلیٰ نے نہیں کیا، شاید اس وجہ سے یہ ایک انہونی بات لگ رہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں صوبائیت کو اتنا نہیں بڑھانا چاہیے کہ نفرتیں بڑھیں۔ حقیقت یہ ہے ہر صوبے میں ہر صوبے کے افراد موجود ہیں اور اپنی زندگی گزار رہے ہیں۔ ہاں اگر صحت مندانہ مقابلہ ہو تو اس سے اچھی کوئی بات نہیں میں تو یہ بھی سوچتا ہوں کہ کیا لاہور اور کراچی کا مقابلہ بنتا ہے؟ کراچی ایک بہت بڑا اور بین الاقوامی شہر ہے۔ لاہور اس کے مقابلے میں آبادی اور رقبے کے لحاظ سے بہت چھوٹا ہے کراچی سے جب لوگ لاہور آتے ہیں تو انہیں لگتا ہے جیسے وہ لاہور سے ملتان آ گئے ہوں۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ لاہور پنجاب کا دل ہے اور اپنے حساب سے ایک ترقی یافتہ اور خوبصورت شہر ہے۔ ہم پنجابیوں کی ایک سرشت ہے کہ ہم کھلے دل کے مالک ہیں۔ ہم اس طرح نہیں سوچتے جیسے دوسرے سوچتے ہیں اسلئے بھی کہ پنجاب ایک بڑا بھائی ہے، جس نے سب کو اپنی گود میں پال رکھا ہے۔ مریم نواز بھی کبھی کبھی پنجاب کے معاملے میں جذباتی ہو جاتی ہیں وہ صوبے میں ترقی کی بات ضرور کریں اور دوسرے صوبوں کو اس حوالے سے کھلا چیلنج دیں تاہم یہ یاد رکھیں کہ وہ ملک میں سب سے بڑے بھائی کی وزیراعلیٰ ہیں، ان کی طرف سے دوسرے صوبوں کو ٹھنڈی ہوائیں ہی جائیں تو بہتر ہے۔

کچھ لوگ یہ سوچ کر بھی حیران ہوتے ہیں کہ پنجاب کا مقابلہ خیبرپختونخوا اور بلوچستان سے کیوں نہیں کیا جا رہا؟ خیبرپختونخوا میں تو تحریک انصاف کی حکومت ہے، جو مسلم لیگ (ن) کی اتحادی بھی نہیں، کچھ عرصہ پہلے تک تو مسلم لیگ (ن) کے صوبائی وزراء علی امین گنڈاپور کی حکومت پر تنقید کرتے رہے، مگر اب سارا رخ سندھ کی طرف ہے جہاں پیپلز پارٹی کی 17 برسوں سے حکمرانی ہے یہ معاملہ سیلاب کے بعد گرم ہوا ہے۔ پنجاب میں سیلاب کی تباہ کاریاں بہت زیادہ ہوئیں جن دنوں ابھی سیلاب لاہور اور اس کے بعد نکل کر جنوبی پنجاب میں تباہی پھیلا رہا تھا، بلاول بھٹو زرداری نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ حکومت بیرونی امداد کیلئے اپیل کیوں نہیں کر رہی۔ وہ سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ کرنے کیلئے ملتان آئے تو انہوں نے یہاں بھی یہی بات کی۔ تکنیکی طور پر ان کی یہ بات اس وقت درست نہیں تھی۔ یہ پنجاب حکومت کا اختیار تھا کہ وہ سیلاب کے نقصانات سے خود نمٹتی ہے یا عالمی برادری سے امداد کی اپیل کرتی ہے۔ وفاقی حکومت نے بھی یہ اپیل اسی وقت کرنی تھی جب پنجاب ہاتھ کھڑے کر دیتا۔ بلاول بھٹو زرداری کی یہ بات یا مطالبہ بالواسطہ طور پر پنجاب حکومت کے خلاف ایک بیانیہ تھا کہ وہ خود کچھ کر رہی ہے اور نہ عالمی برادری سے اپیل کرنا چاہتی ہے۔ یہاں سے وزیراعلیٰ مریم نواز نے اپنا بیانیہ دینا شروع کیا۔ وہ امداد کی اپیل کو کشکول پکڑنے کی عادت اور بھکاری پن تک لے گئیں، انہوں نے کہا پنجاب کو کسی بیرونی امداد کی ضرورت نہیں، خود اپنے وسائل سے متاثرین کی مدد بحالی کی جائے گی۔ بلاول بھٹو زرداری کیلئے یہ ایک بڑا تازیانہ تھا، کیونکہ بالواسطہ طور پر کشکول پکڑنے کے طعنے انہیں دیئے گئے تھے۔ اس پر بات آگے بڑھ گئی، پھر یہ بھی ہوا کہ سیلاب کا پانی چونکہ زیادہ دیر تک پنجاب میں رکا رہا اور آہستہ آہستہ سندھ سے گزرا اس لئے سندھ میں سیلاب سے تباہ کاری بہت کم ہوئی۔ گویا پیپلز پارٹی اور سندھ حکومت کے پاس سیلاب کارڈ نہ رہا، جبکہ دوسری طرف پنجاب میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے بڑی مربوط سرگرمیاں جاری رہیں۔ مریم نواز، وزراء اور سرکاری حکام نے دن رات جنوبی پنجاب کے سیلاب زدہ علاقوں میں کام کیا۔ بلاول بھٹو زرداری ایک بار آئے اور چلے گئے۔ پیچھے گیلانی خاندان نے پیپلز پارٹی کی طرف سے امدادی سرگرمیاں جاری رکھیں مگر ان کا پیمانہ اتنا وسیع نہیں تھا۔ سید یوسف رضا گیلانی کے بیٹے علی موسیٰ گیلانی اور علی حیدر گیلانی سرگرم رہے اور اب بھی سرگرم ہیں، لیکن پیپلز پارٹی نے اجتماعی طور پر وہ سرگرمی نہیں دکھائی، جو یہ تاثر دینے کیلئے ضروری تھی کہ پیپلز پارٹی نے سیلاب زدگان کو تنہا نہیں چھوڑا۔ دوسری طرف سید یوسف رضا گیلانی کے بیٹوں کی سکیورٹی واپس لے لی گئی۔ گیلانی خاندان کے ارکان اسمبلی بیٹے واحد ایم این اے یا ایم پی اے ہیں جنہیں سرکاری سکیورٹی حاصل رہی ہے، وگرنہ رکن اسمبلی کو یہ سہولت حاصل نہیں ہوتی۔

اب صورتحال یہ ہے پنجاب اور سندھ اس وقت چائے کی پیالی میں طوفان کا شکار ہیں۔ پیپلز پارٹی کے وزراء اور رہنما روزانہ یہ باور کراتے ہیں کہ ہم مسلم لیگ (ن) کا ساتھ چھوڑ دیں تو یہ سسٹم ایک دن باقی نہ رہے۔ چند روز پہلے پیپلز پارٹی کے ارکان نے قومی اسمبلی سے واک آؤٹ کیا تو تحریک انصاف کے اسد قیصر نے پیشکش کی کہ پیپلز پارٹی تحریک عدم اعتماد لائے تو تحریک انصاف حمایت کرے گی، مگر سب جانتے ہیں کہ یہ ممکن ہی نہیں، جس بندوبستی نظام کے تحت یہ سب چل رہا ہے اس میں پیپلز پارٹی کے پاس یہ اختیار ہی نہیں کہ وہ کوئی ایسا فیصلہ کر سکے۔ اسی لئے اس ساری لڑائی پر نورا کشتی کا گمان ہوتا ہے۔ البتہ مریم نواز کو اس کا سیاسی فائدہ ہو رہا ہے۔ وہ پنجاب کے بارے میں بول رہی ہیں اور بڑی خوبصورتی سے یہ تاثر قائم کرنے میں کامیاب رہی ہیں کہ پیپلز پارٹی پنجاب میں ان کی بے مثال کارکردگی سے خائف ہے اور انہیں نشانہ بنائے ہوئے ہے۔ سندھ کے وزراء جب یہ کہتے ہیں کہ وہ جلد لاہور کو بھی کراچی جیسا ترقی یافتہ شہر بنا دیں گے، بلکہ پورے پنجاب کو سندھ جیسی ترقی دیں گے تو عام آدمی کی بھی ہنسی چھوٹ جاتی ہے۔ کراچی کو کھنڈرات کا شہر بنا دیا گیا ہے اور اس کی ذمہ دار پیپلز پارٹی کے سوا اور کون ہو سکتی ہے جو سترہ برسوں سے صوبے کے سیاہ و سفید کی مالک بنی ہوئی ہے۔ پنجاب اور سندھ کے اس مقابلے میں اگر عوام کا کچھ بھلا ہوتا ہے تو اس سے اچھی کوئی بات نہیں ہو سکتی۔

☆☆☆☆☆

بقیہ 1

کارروائیاں جاری ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے 3 خارجی جہنم واصل کیے۔ کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے میر علی اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو درستگی سے تباہ کردیا۔ فورسز نے خارجی دہشتگردوں کی جانب سے میر علی بازار کے قریب راشن کے ٹرک کو روکنے کی کوشش بھی ناکام بنا دی۔ سکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کیلئے پرعزم ہیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سکیورٹی فورسز کی مہارت اور بہادری قابل فخر ہے۔ ان رہنماؤں نے دہشتگردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو بھی سراہا اور ملک کے دفاع کے لئے ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ دریں اثنا خیبرپختونخوا کے ضلع ٹانک میں پولیس تھانے کو نشانہ بنانے کی کوشش کرنے والا فتنہ الخوارج سے منسلک خودکش حملہ آور راستے میں ہی غیر ارادی دھماکے کے نتیجے میں ہلاک ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق دہشت گرد پولیس تھانے کی جانب جارہا تھا کہ راستے میں اس کے پاس موجود بارودی مواد پھٹ گیا جس کے نتیجے میں وہ ہلاک ہوگیا۔ دھماکے کے باعث سرکاری پولیس تھانے سے متصل 2 گھروں کو بھی نقصان پہنچا اور ان کی دیواریں منہدم ہوگئیں۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعہ محض طوری کے تعاقب سے بھی منسلک بتایا جارہا ہے اور مبینہ طور پر پولیس تھانے کو نشانہ بنانے کی کوشش کی جارہی تھی۔ واقعے کے بعد سکیورٹی اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیے جبکہ دھماکے کی نوعیت اور واقعے کے دیگر پہلوؤں کی تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 2

صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ غذائی قلت کا براہ راست تعلق انسانی صحت، بچوں کی نشوونما اور مجموعی انسانی ترقی سے ہے، اس لیے اس مسئلے کے حل کے لیے طویل المدتی اور پائیدار اقدامات ناگزیر ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے مشترکہ اقدامات صوبے میں غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کے فروغ کے لیے نتیجہ خیز ثابت ہوں گے۔ انہوں نے ورلڈ فوڈ پروگرام کے جاری منصوبوں کے لیے صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت باہمی تعاون کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے لیے تیار ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان غذائی تحفظ اور انسانی ترقی کے شعبوں میں عالمی اداروں کے ساتھ تعاون کو مزید مؤثر بنانے کی تاکہ صوبے کے عوام بالخصوص بچوں اور خواتین کو بہتر غذائی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ ملاقات میں ورلڈ فوڈ پروگرام کی جانب سے بلوچستان میں جاری اقدامات اور مستقبل کے پروگرامز کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 3

کارکنان پارٹی کا قیمتی سرمایہ ہے کارکنان کو درپیش مسئلہ مسائل کے حل کے لئے ہر فورم پر جدوجہد ممکن بنائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات بلوچستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما ایڈووکیٹ فرید افغان کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر حنیف احمد مسوری کلئی صوبائی جنرل سیکرٹری لیبر ونگ خان موسیٰ خان کاکڑ، میر تیمور احمد کھیتی بھی موجود تھے

بقیہ 4

خان کی صحت سیاست سے بالاتر، مکمل کی فراہمی بنیادی حق ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کا ادارے پارٹی کے نگران چیئرمین، جنرل سیکرٹری اور دیگر مرکزی قیادت محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کے ساتھ شاید رابطے میں ہیں، تاہم تاحال یہ کنفرم نہیں ہو سکا کہ عمران خان سے ملاقات ممکن ہو سکی ہے۔ جیسے ہی کوئی واضح اور مصدقہ پیش رفت سامنے آئے گی، عوام کو آگاہ کر دیا جائے گا۔

بقیہ 5

اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ اور معاون خصوصی طارق فاطمی وزیراعظم کے ہمراہ پاکستانی وفد میں شریک ہیں۔ وزیراعظم ویانا میں فیڈرل چانسلری میں کرسچین اسٹاکر سے دو طرفہ وفود کی سطح پر ملاقات کریں گے۔ شہباز شریف اور آسٹرین چانسلر دونوں ممالک کے مابین سرمایہ کاری میں اضافے کیلئے معروف کاروباری افراد کے اجلاس کی مشترکہ صدارت کریں گے۔ بعد ازاں وزیراعظم پاکستان آسٹریا بزنس فورم میں شرکت اور خطاب کریں گے۔

بقیہ 6

آئی کی آنکھوں کا چیک اپ جاری ہے۔ ڈاکٹروں کی ٹیم مختلف طبی آلات اور ادویات بھی ساتھ لائی ہے۔ طبی ٹیم کی رپورٹ جلد مرتب کیے جانے کا امکان ہے۔ حکومتی دعوت کے باوجود کوئی پی ٹی آئی رہنما جیل نہیں پہنچا۔ میڈیکل ٹیم پی ٹی آئی قیادت کی نمائندگی کے لیے جیل میں داخلے سے منتظر تھی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز وفاقی حکومت کی جانب سے عمران خان کی آنکھوں کے چیک اپ کے لیے الشفاء آئی ہسپتال کے 2 ماہر ڈاکٹروں پر مشتمل میڈیکل بورڈ تشکیل دیا گیا تھا۔

بقیہ 7

جس دوران 55 لاکھ سے زائد مالیت کی بجلی چوری پکڑی گئی۔ ترجمان لیسکو نے بتایا کہ شاپنگ بیگ بنانے والی فیکٹری میں بوگس میٹرز کے ذریعے بجلی چوری کی جارہی تھی جبکہ انڈر گراؤنڈ کیبل بچھا کر دوسری فیکٹری کو بھی بجلی فراہم کی جارہی تھی۔ ترجمان لیسکو نے بتایا کہ لیسکو ٹیموں نے غیر قانونی کنکشن اور بوگس میٹرز اپنی تحویل میں لے کر ایک لاکھ 20 ہزار سے زائد یونٹس کا ڈیٹیکشن بل جاری کرنے کے ساتھ ساتھ ملزمان کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی ہے۔

بقیہ 8

گیا ہے، جبکہ آنکھوں سے متعلق موجودہ طبی صورتحال بھی تحریری طور پر بھجوا دی گئی ہے۔ رپورٹ میں بانی پی ٹی آئی کی کنسلٹنسی رپورٹس کے ساتھ ساتھ جیل میں موجود میڈیکل اسٹاف کی تفصیلات بھی فراہم کی گئی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عمران خان کا روزانہ کی بنیاد پر طبی معائنہ کیا جا رہا ہے اور تمام میڈیکل ریکارڈ باقاعدگی سے مرتب کیا جاتا ہے، جسے متعلقہ حکام کے ساتھ شیئر کیا جاتا ہے۔

بقیہ 9

کالج فار ویمن یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈی جی آئی ایس پی آر کی طلبا اور اساتذہ کے ساتھ خصوصی نشستوں کا اہتمام بھی کیا گیا۔ نشست کے دوران قومی سلامتی، نوجوانوں کے کردار، موجودہ دور میں مشترکہ چیلنجز اور ہائبرڈ وارفیئر پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ تعلیمی اداروں کے سربراہان، اساتذہ اور طلباء نے افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کیا۔ اس موقع پر اساتذہ کا کہنا تھا کہ جس دن ملک کو خطرہ درپیش آئی تمام اساتذہ اور طلبا دفاع کیلئے فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے۔

بقیہ 10

طلبے کے مسائل کے حل، روزگار کے مواقعوں کی فراہمی اور فنی تربیتی اداروں کی بہتری کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات اٹھائے ہیں۔ صوبائی وزیر محنت افرادی قوت میر حنیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے محکمہ محنت کو فعال اور عوام دوست بنانے کے لیے اصلاحات کا آغاز کیا، جس کے تحت لیبر قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا گیا اور مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے خصوصی مانیٹرنگ سسٹم متعارف کروایا گیا۔

بقیہ 11

ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ غزہ میں جنگ رکنے کے باوجود اسرائیلی بربریت نہیں رکی اور پاکستان، سعودی عرب اور ترکی 19 فروری کو عالمی سطح پر اسرائیلی دہشت گردی کے خلاف آواز بلند کریں گے تاکہ غزہ میں مکمل امن قائم ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام تک آواز اٹھاتے رہیں گے اور مسجد اقصیٰ ہمیشہ قائم رہے گی۔ عالمی اسلامی ممالک کے سربراہان اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی بربریت کو مستقل طور پر ختم کریں گے۔

بقیہ 12

ایک حکومتی وزیر نے اپنے ٹویٹ میں عمران خان کے لیے ایک میڈیکل بورڈ کی تشکیل کا عندیہ دیا ہے، خبروں سے یہ بھی معلوم ہو رہا ہے کہ عمران خان کو الشفاء آئی ہسپتال، راولپنڈی منتقل کرنے کی تیاری کی جارہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ہمارا مطالبہ شروع سے بالکل دوٹوک اور واضح رہا ہے کہ عمران خان کو کسی بھی قسم کا طبی علاج ان کے ذاتی ڈاکٹروں اور اہل خانہ کی موجودگی اور منظوری کے بغیر نہیں دیا جائے گا

بقیہ 13

کے بعد سکیورٹی اور انتظامی چیلنجز سے متعلق بحث میں شدت آگئی۔ ترک اور افغان خبر رساں اداروں کے مطابق ترکیہ کے شہر ایڈرنے میں یورپ جانے کی کوشش کرنے والے 18 افغان مہاجرین کو گرفتار کرلیا گیا۔ گرفتار افراد میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں، جنہیں ملک بدر کرنے کے لیے مائیگریشن سینٹرز منتقل کر دیا گیا ہے۔ ترکیہ کے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف مائیگریشن مینجمنٹ کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ سال 42 ہزار سے زائد غیر قانونی افغان مہاجرین کو حراست میں لیا گیا

بقیہ 14

حکومت کو ختم کیا جائے گا۔ بنگلہ دیشی اخبار ڈھاکہ ٹربیون کی رپورٹ کے مطابق متوقع وزیراعظم طارق رحمان کی تقریب حلف برداری کل 17 فروری کو ہوگی اور اس تقریب کا انعقاد عبوری حکومت کرے گی۔ رپورٹ کے مطابق 13 ویں قومی پارلیمانی انتخابات میں واضح اکثریت حاصل کرنے کے بعد بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی نے نئی حکومت کی تشکیل کا باضابطہ عمل شروع کر دیا۔

بقیہ 15

س، پارلیمنٹ لاجز اور کے پی ہاؤس میں دھرنے جاری ہیں جبکہ دارالحکومت کی مصروف ترین شاہراہ دستور بھی مکمل بند ہے۔ تحریک تحفظ آئین پاکستان کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی الشفاء آئی اسپتال منتقلی تک دھرنا جاری رہے گا۔ ترجمان پی ٹی آئی کا کہنا ہے کہ ذاتی ڈاکٹروں کی عدم موجودگی میں بانی پی ٹی آئی کا کوئی علاج شروع نہ کیا جائے۔ دوسری جانب بانی پی ٹی آئی کے طبی معائنے کے لئے حکومت کا میڈیکل پینل ہفتے اور اتوار کی درمیانی شب اڈیالہ جیل پہنچا تھا

بقیہ 16

بیٹے صدر ٹرمپ کے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر شیئر کیا گیا تھا، جس میں اوباما اور سابق خاتون اول کو توہین آمیز انداز میں دکھایا گیا۔ ایک پوڈکاسٹ انٹرویو میں اوباما نے کہا کہ امریکی سیاسی گفتگو میں غیر معمولی حد تک تلخی اور بے ادبی آچکی ہے۔ انہوں نے کسی کا نام لیے بغیر کہا کہ پہلے عوامی عہدوں کے احترام اور شائستگی کا خیال رکھا جاتا تھا، مگر اب ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس کی کمی ہو گئی ہے۔

بقیہ 17

ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ 17 فروری کو سورج گرہن بھی ہوگا اور غروب آفتاب کے وقت چاند سورج کے انتہائی قریب ہوگا جس کے باعث براہ راست یا بالواسطہ سورج کی تیز شعاعیں آنکھوں پر پڑنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ انٹرنیشنل آسٹرونومی سینٹر جو ابوظہبی میں قائم ہے، کے مطابق 17 فروری کو ریاض میں غروب آفتاب کے وقت سورج اور چاند کے درمیان زاویائی فاصلہ تقریباً ایک درجے کے قریب ہوگا۔

بقیہ 18

میڈیا رپورٹ کے مطابق اپنے ایک بیان میں امریکی سفیر نے کہا کہ چین کے پاس طاقت ہے وہ چینی قیادت کو چاہیے کہ روسی صدر پیوٹن کو کال کر کے جنگ ختم کروا دے۔ میتھیو وٹیکر کا مزید کہنا تھا کہ چین روسی تیل اور گیس کی خریداری بند کر کے روس پر دباؤ ڈال سکتا ہے۔ عالمی برادری کو جنگ ختم کروانے کیلئے چین سے بات کرنا ہوگی۔

بقیہ 19

25 فروری کو پاکستان کا دورہ کرے گا اور تقریباً دو ہفتے قیام کرے گا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف وفد جولائی تا دسمبر 2025 کے دوران معاشی کارکردگی اور مقررہ اہداف میں پیشرفت کا جائزہ لے گا، مشن ٹیکس اصلاحات، توانائی شعبے، مانیٹری پالیسی اور زرمبادلہ کے ذخائر سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔ پرائمری بجٹ سرپلس، صوبائی کیش سرپلس اور صوبائی ٹیکس ہدف پورا کرلیا گیا، ذرائع کے مطابق دسمبر 2025 تک ٹیکس ہدف پورا نہ ہوسکا، 329 ارب روپے شارٹ فال رہا، ایف بی آر نے 6 ماہ کے دوران 6 ہزار 161 ارب روپے ٹیکس جمع کیا۔

بقیہ 20

مجالی اے بکر نے صبح کی کافی کے دوران اپنی ذاتی زندگی اور کام کے بارے میں کچھ دلچسپ باتیں شیئر کیں۔ مجالی اے بکر نے کہا کہ سفارتی مصروفیات کے باوجود عوام کے قریب رہنا پسند کرتی ہوں۔ امریکی ناظم الامور نے نئے سلسلے 'NBExploresPakistan' کے آغاز کا بھی اعلان کیا۔ مجالی بکر نے پاکستانی عوام سے اپنے تعلق کو "دل سے قریب" قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں کاروبار کرنے والی امریکی کمپنیوں کے سی ای اوز کے ساتھ اجلاس کی تیاری کر رہی ہوں

بقیہ 21

ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس کے انسپکٹر جنرل حادثے کی مکمل تحقیقات کریں اور جلد از جلد تفصیلی رپورٹ پیش کریں۔ جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ گاڑیوں کی فٹنس چیکنگ کے عمل کو مزید سخت بنایا جائے، خاص طور پر ٹائروں کی حالت کو خصوصی طور پر چیک کیا جائے۔ عبدالعلیم خان کا کہنا تھا کہ ایسی تمام گاڑیوں کو موٹروے پر داخلے کی اجازت نہ دی جائے جن کے ٹائر گھسے ہوئے، کمزور یا زائد المعیاد ہوں۔

بقیہ 22

ہے، امریکا کو ایران پر عائد تمام پابندیاں ہٹانی ہوگی۔ ایران کے نائب وزیر خارجہ نے برطانوی میڈیا سے گفتگو میں کہا امریکا کو ثابت کرنا ہوگا کہ وہ ڈیل کیلئے سنجیدہ ہیں، افزودہ یورینیم کو منجمد کرنے پر تیار ہونا ایران کے مثبت رویے کا مظہر ہے، مزید کہا یورینیم کو ملک سے باہر منتقل کرنے سے متعلق بات کرنا قبل از وقت ہے، امریکا کے ساتھ ڈیل صرف ایٹمی پروگرام تک محدود ہوگی۔

بقیہ 23

کے نتیجے میں کم از کم 10 فلسطینی شہید ہوگئے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ یہ کارروائی حماس کی جانب سے جنگ بندی کی مبینہ خلاف ورزی کے جواب میں کی گئی۔ میڈیکل ذرائع کے مطابق ایک اسرائیلی فضائی حملہ بے گھر خاندانوں کے لیے قائم خیمہ بستی پر کیا گیا، جس میں کم از کم چار افراد جان سے گئے۔ محکمہ صحت کے حکام کا کہنا ہے کہ جنوبی شہر خان یونس میں ایک اور حملے میں پانچ افراد مارے گئے۔

بقیہ 24

نے 2024 کی تحریک کے دوران جمہوریت کے لیے قربانیاں دیں۔ جمعرات کو ہونے والے عام انتخابات میں بی این پی اور اس کے اتحادیوں نے بھاری اکثریت حاصل کی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق بی این پی اتحاد نے 212 نشستیں جیت کر دو تہائی اکثریت حاصل کی، جبکہ جماعت اسلامی کی قیادت میں اتحاد کو 77 نشستیں ملیں۔ ووٹر ٹرن آؤٹ تقریباً 59 فیصد رہا۔ طارق رحمان نے انتخابی نتائج کے بعد اپنے پہلے خطاب میں کہا کہ یہ فتح بنگلہ دیش اور جمہوریت کی ہے۔

بقیہ 25

کارروائی کی گئی۔ وزارت حج و عمرہ نے زائرین کو رہائشی خدمات کی خلاف ورزی پر 2 عمرہ کمپنیوں کے لائسنس معطل کر دیئے۔ اس سے قبل وزارت حج و عمرہ نے 1800 خدمات کمپنیوں کی سروسز معطل کی تھیں۔ وزارت حج و عمرہ کا کہنا ہے کہ عمرہ زائرین کے لیے مقررہ معیار کی رہائش، ٹرانسپورٹ اور دیگر سہولتوں کی عدم فراہمی پر کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 26

پراسرار طور پر لاپتا ہونے والے ایک سوویت خلائی جہاز کی قسمت کا معمہ شاید بالآخر حل ہوگیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق 1966 میں لونا 9 کی اچانک گمشدگی نے سائنس دانوں کو حیران و پریشان کر دیا تھا، حالانکہ اس نے چاند کی سطح پر انسان کی بنائی ہوئی کسی شے کی پہلی نرم لینڈنگ کا تاریخی کارنامہ انجام دیا تھا۔ خوش قسمتی سے یہ بغیر انسان کے بھیجا گیا مشن تھا۔ پہلی انسانی لینڈنگ تین سال بعد ناسا کے خلاباز نیل آرمسٹرانگ اور بز آلڈرن نے کامیابی سے مکمل کی۔ تاہم، لونا 9 چاند سے متعلق سمجھ بوجھ میں ایک بنیادی سنگ میل ثابت ہوا

بقیہ 27

جہاں چھ افراد جان سے گئے، متعدد گھروں کو آگ لگادی گئی اور کئی افراد کو اغوا کیا گیا، بعد ازاں حملہ آور کوکوسو گاؤں کی طرف بڑھ گئے۔ مقامی رہائشیوں کے مطابق کوکوسو میں فائرنگ کا سلسلہ صبح سویرے شروع ہوا اور حملہ آوروں نے اندھا دھند گولیاں چلا دیں، ہلاکتوں کی تعداد 26 سے 38 تک بتائی گئی ہے، گاؤں میں پولیس اسٹیشن کو بھی نذر آتش کردیا گیا اور متعدد افراد لاپتا ہیں۔

بقیہ 28

قریب قومی شاہراہ پر خوفناک ٹریفک حادثے میں 11 افراد جاں بحق اور 10 زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ مسافر کوچ اور ٹریلر میں ٹکر کے نتیجے میں پیش آیا۔ تیز رفتار کوچ اوور ٹیکنگ کے دوران ٹرک سے جا ٹکرائی، حادثے میں مسافر کوچ کا ڈرائیور اور کنڈیکٹر بھی جان گنوا بیٹھے۔ تمام لاشوں اور زخمیوں کو خیرپور سول اسپتال منتقل کردیا گیا۔ بدقسمت مسافر بس پنجاب سے کراچی آرہی تھی۔

بقیہ 29

اپنے ایک آڈیو پیغام میں سینیٹر عون عباس نے دعویٰ کیا کہ حکومت نے دھرنے والوں کا کھانا پینا بند کر رکھا ہے۔ اس وقت 25 کے قریب ارکان پارلیمان دھرنے پر بیٹھے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ میں ڈیوٹی پر آنے والے اہلکاروں کی بھی جامہ تلاشی لی جارہی ہے، تاکہ وہ دھرنے والوں کو پانی کی بوتل، بسکٹ یا کوئی ٹافی نہ پہنچا سکیں۔ عون عباس کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ کا ایک طرح سے محاصرہ کیا گیا ہے، اس وقت جو راشن اندر موجود ہے صرف اسی پر مشکل سے گزارا ہو رہا ہے۔

بقیہ 30

روک تھام کے حوالے سے حوصلہ افزا نتائج فراہم کیے ہیں، جس کی بدولت اس پروگرام کی ملک گیر سطح پر توسیع کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ پروگرام کے اس ابتدائی آزمائشی مرحلے میں سات اضلاع کے 425 اسکولوں میں 1,03,289 نوعمر لڑکیوں کو ہفتہ وار آئرن اور فولک ایسڈ (WIFA) گولیاں فراہم کی گئیں، جبکہ 2,47,956 لڑکیوں نے اسکولوں میں منعقدہ غذائیت سے متعلق تعلیمی سیشنز میں شرکت کی۔ ان سیشنز کا مقصد صحت مند غذائی عادات کو فروغ دینا اور خون کی کمی سے بچاؤ کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا تھا۔ چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے جرمن ترقیاتی تعاون اور گیٹس فاؤنڈیشن کے اشتراک سے منعقدہ "سپرنگ اسکیلنگ" تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سپرنگ کا مقصد سماجی تحفظ کے پروگراموں سے مؤثر استفادہ کرتے ہوئے،

بقیہ 31

کے 12 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا گیا تھا۔ دوسری طرف اوباوڑہ میں روڈی کے کچے میں ڈاکوؤں کے خلاف فیصلہ کن آپریشن کیا گیا جس کے نتیجے میں ڈاکوؤں کے متعدد ٹھکانے تباہ کرکے 90 فیصد علاقہ واگزار کروالیا گیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق اوباوڑہ میں روڈی کچے میں سندھ پولیس اور سندھ رینجرز کا مشترکہ آپریشن ایک ماہ سے جاری ہے۔ ان جھڑپوں میں گزشتہ ایک ماہ کے دوران 8 کو ہلاک اور 38 زخمی ہوئے

بقیہ 32

امریکا میں پیش آیا جہاں ایک مسافر 1.53 لاکھ روپے سے بھرا بیگ بھول گیا۔ کچھ دیر بعد یاد آنے پر مسافر نے فوری طور پر موٹروے پولیس کو اطلاع دی۔ اطلاع ملتے ہی موٹروے پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے قریبی گشت ٹیم کو موقع پر روانہ کیا۔ ویڈیو کال کے ذریعے مسافر کی مسلسل رہنمائی حاصل کی گئی جس کے بعد بیگ کو کامیابی سے تلاش کرلیا گیا۔ موٹروے پولیس نے 1.53 لاکھ روپے نقدی مسافر کے حوالے کردی۔

بقیہ 33

کے عمل کو مستحکم کر رہی ہے۔ میر عبدالمجید نے کہا کہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے میں امن کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ سکیورٹی ادارے، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکمے باہمی رابطے کے ساتھ مربوط حکمت عملی کے تحت حساس علاقوں میں نگرانی بڑھا رہے ہیں

بقیہ 34

میدان میں فتح سے خوشی ملی اسی طرح کرکٹ کے میدان میں فتح پر بھی نصیب ہو۔ [illegible] کے شہر میں میچ میں ایک انٹرویو کے دوران وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ میری دعا ہوگی کہ پاکستان میچ جیتے، 25 کروڑ عوام کو جس طرح جنگ کے میدان میں فتح پر خوشی ملی اس طرح کرکٹ کے میدان میں بھی فتح کی خوشی ملے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کچھ دن پہلے آئی سی سی جو ہم نے روڈ کھولی ہے وہ بھی سفارتی اور جنگ جیسی فتح ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ قومی ٹیم میں بڑی صلاحیت ہے، کھلاڑی بہترین پرفارمنس دے سکتے ہیں، اچھی ٹیم کے لئے پرجوش ہیں، دعا ہے کرکٹ ٹیم فتح کے جھنڈے گاڑے۔ اس کے علاوہ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے بھی قومی ٹیم کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 35

ہوئے کیا۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ صوبائی حکومت عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر سنجیدگی سے عمل پیرا ہے اور شہری و دیہی علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے جس اعتماد اور توقعات کے ساتھ انہیں منتخب کیا، اس اعتماد پر پورا اترنے کے لیے دن رات محنت کی جا رہی ہے، اور جاری ترقیاتی منصوبوں کے مثبت اثرات جلد عوام کو نظر آنا شروع ہو جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیم، صحت، زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبوں میں بہتری ان کی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہے، تاکہ عوام کے معیار زندگی میں حقیقی بہتری لائی جاسکے۔ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مزید کہا کہ عوامی خدمت کو وہ عبادت سمجھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اپنے حلقے کی تعمیر و ترقی کا سفر مزید تیز اور مؤثر انداز میں جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کے مسائل کے حل اور علاقے کی پائیدار ترقی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 36

فوری طور پر ضلع کا درجہ دیا جائے، وزیر صاحب بوستان جو کہ تحصیل ہی بیک روڈ پر واقع ہیں کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے اور اس کے علاوہ ضلع برشور توبہ کاکڑ کے نام سے بھی ضلع کا فوری نوٹیفکیشن جاری کیا جائے اور اگر ضلع کاریزات کو بوستان پر بوجھ سمجھتے ہیں تو کاریزات کو کوئٹہ ڈویژن کا حصہ بنا دیا جائے

بقیہ 37

سے عوام میں خوف و ہراس پیدا ہوتا ہے، جس کے باعث شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ عدالتی احکامات اور ٹریفک قوانین کی پابندی کرتے ہوئے کالے شیشوں کے استعمال سے گریز کریں۔

بقیہ 38

خبردار کیا کہ اگر ادائیگیوں میں مزید تاخیر کی گئی تو صوبے میں درسی کتب کی بروقت فراہمی متاثر ہو سکتی ہے اور تعلیمی نظام سنگین بحران کا شکار ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ مہنگائی، کاغذ اور اشاعتی سامان کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کے باوجود بورڈ نے ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے 80 فیصد سے زائد کام مکمل کرلیا ہے۔

بقیہ 39

شاہوانی، میر جان بلوچ اور سابق صوبائی وزیر میر عارف جان محمد حسنی نے مشترکہ طور پر فیتہ اور کیک کاٹ کر کیا۔ اس موقع پر شرکا کی جانب سے قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا گیا اور تنظیمی استحکام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔ تقریب میں سندھ، بلوچستان، پنجاب اور خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے نمائندہ عہدیداران نے شرکت کی،

بقیہ 40

اسلام کے مضبوط قلعے اور علم کے قافلے ہیں جو نسل نو کی دینی و اخلاقی تربیت کے ساتھ ساتھ عصری تعلیم سے بھی آراستہ کر رہے ہیں۔ مقررین نے کہا کہ موجودہ دور میں دینی اور جدید تعلیم کا امتزاج وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ نوجوان نہ صرف باکردار مسلمان بنیں بلکہ معاشرے کے مفید فرد بھی ثابت ہوں

بقیہ 41

مذاکرات کرتے ہوئے تمام مسائل بغور سنے اور متعلقہ محکموں کے ذریعے مرحلہ وار حل کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے کہا کہ عوام سے براہ راست رابطہ مؤثر حکمرانی کی بنیاد ہے اور حکومت بلوچستان بارکھان سمیت پسماندہ علاقوں کی متوازن ترقی کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، میرٹ اور مقامی ضروریات کو ترجیح دی جائے گی۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے مزید کہا کہ علاقے میں امن وامان کا قیام، عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اور اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ملاقاتوں کے اختتام پر وفود نے صوبائی وزیر کی کارکردگی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ان کے اقدامات کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ بارکھان جلد ترقی کی نئی راہوں پر گامزن ہوگا۔

بقیہ 42

زخمی جاوید کو تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ جانبر نہ ہوسکیں۔ لاش کو قانونی کارروائی کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ زخمی ہونے والے 15 سالہ سرور ولد جاوید کو طبی امداد فراہم کی جارہی ہے اور اس کی حالت خطرے سے باہر بتائی جارہی ہے۔

بقیہ 43

تھانہ گوٹھ شاکر میں باپ کے اغوا کا مقدمہ درج کروایا تھا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی نشاندہی پر آلۂ قتل گھر کی چھت سے برآمد کرلیا گیا جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 44

کیے جا سکیں گے۔ ہیلتھ فاؤنڈیشن خیبرپختونخوا کا کہنا ہے کہ صحت سہولیات میں بہتری کیلئے [illegible] کا منصوبہ بنایا گیا۔ بولیوں کیلئے 38 اسپتالوں پر مشتمل 19 کلسٹرز بنائے گئے ہیں، 3 مارچ صبح 11 بجے تک درخواستیں جمع کروائی جا سکتی ہیں۔ پشاور، مردان، سوات، مانسہرہ سمیت مختلف اضلاع کے اسپتال فہرست میں شامل ہیں، ہر کلسٹر کے لیے ایک بولی کی شرط عائد کی گئی ہے۔

بقیہ 45

سیاسی استحکام کی واضح مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی استحکام اس وقت تک ممکن نہیں جب تک تمام سیاسی جماعتوں کو برابری کی سطح پر سیاسی سرگرمیوں کی اجازت نہیں دی جاتی

بقیہ 46

بلکہ قومی معیشت پر بھی مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ چینی ممالک اور دیگر ترقی یافتہ ریاستوں میں جدید خودکار ٹرانسپورٹ سسٹم متعارف کروائے جا رہے ہیں، جن کے باعث روایتی ڈرائیونگ کے شعبے میں انسانی افرادی قوت کی ضرورت کم ہو رہی ہے۔

بقیہ 47

زمین پر گریں اور عمارتیں منہدم ہوگئیں۔ تاہم علاقے دور ہونے اور پہاڑوں کی وجہ سے جانی و مالی نقصانات کی اطلاع نہیں ملی۔

بقیہ 48

حصوں میں مغربی ہواؤں کے داخل ہونے کا امکان ہے۔ 16 اور 17 فروری کو وزیرستان، بنوں اور ڈی آئی خان میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کی توقع ہے۔ اس دوران کوئٹہ، ژوب، زیارت، چمن، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، لورالائی، سبی، نصیر آباد، جھل مگسی، مستونگ، بارکھان، موسیٰ خیل اور قلات میں بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے آواران، گوادر، تربت، پنجگور اور گردونواح میں بھی تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔

بقیہ 49

ملوث ہے۔ ہم نے انہیں کہا کہ وہ گھر میں نہیں ہے بلکہ عرصہ دراز سے گھر چھوڑ کر چلے گئے ہیں اور ہمیں آج تک پتہ نہیں ہے کہ وہ کہاں ہے۔

بقیہ 50

مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ انہوں نے کہا کہ پی پی پی کی سینئر رہنما و سابق سینیٹر ثریا امیر الدین کا عزم، استقامت اور عوام دوستی کا جذبہ ہم سب کے لیے مشعل راہ ہے۔

بقیہ 51

بحریہ کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں سے آگاہ کرنا تھا۔ اس موقع پر طلبا نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایس پی آر کی جانب سے براہ راست سیشنز اور تبادلہ خیال کے مواقع کا انعقاد نہایت مثبت اقدام ہے۔ طلبا کے مطابق ایسے پروگرام کتابی علم کو عملی تجربے سے جوڑتے اور دفاعی اداروں کی صلاحیتوں کو قریب سے سمجھنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں

بقیہ 52

جاکر محمد حسنی نے کہا ریلی بازار کے مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے اللہ اکبر چوک پر نعرہ بازی کی، مشکور کے معروف شخصیت سردار مسعود ساسولی اور پاکستان امن کمیٹی کے چیئرمین جاکر محمد حسنی نے کہا کہ پاکستان ہمارا ملک ہے اور اس دھرتی کی خاطر جان نچھاور کرنے کیلئے تیار ہیں، حالیہ دہشت گردی ایک منظم سازش ہے

بقیہ 53

کا بجٹ فراہم کرتی ہے یہ رقم عوام کو پانی فراہمی کے بجائے کرپشن کی نذر ہو جاتی ہے اور عوام گندے جوہڑوں اور تالابوں سے پانی پینے پر مجبور ہیں تحصیل بھاگ کی عوام کو پانی عدم فراہمی پر سپریم کورٹ آف پاکستان نے سوموٹو ایکشن لیا اور محکمہ پی ایچ ای کے کرپٹ اور نااہل آفیسران کی سرزنش کی اور انہیں تحصیل بھاگ سمیت دیگر متعلقہ علاقوں کی عوام کو ہر صورت پانی فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے

بقیہ 54

گیا۔ مقدمہ انسداد دہشت گردی ایکٹ سمیت دیگر متعلقہ دفعات کے تحت درج کیا گیا ہے جس میں 30 افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ کراچی میں گزشتہ روز جماعت اسلامی کے کارکنان اور پولیس آمنے سامنے آگئے تھے۔ جماعت اسلامی کے کارکنوں نے سندھ اسمبلی جانے کی کوشش کی تھی جس پر رینجرز اہلکاروں کو طلب کیا گیا تھا۔ پولیس نے کارکنوں کو منتشر کرنے کے لیے آنسو گیس کی شیلنگ کی، جس کے باعث ایک کارکن زخمی ہوگیا تھا۔

بقیہ 55

رخشان ڈویژن انجینئر میر محمد عثمان بادینی نے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سابقہ صوبائی وزیر زراعت سردار محمد اسلم بزنجو سے خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات میں خصوصاً بلوچستان کے حالات اور دیگر موضوعات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 56

استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران سربراہ مملکت نے پاکستان اور انڈونیشیا کے مابین گہرے برادرانہ تعلقات کی بنیاد بننے والی مشترکہ اقدار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے بالخصوص تربیت، فضائی دفاع اور دفاعی پیداوار کے شعبوں میں دونوں فضائی افواج کے مابین تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ انڈونیشیا کے صدر پرابوو سوبیانتو نے پاک فضائیہ کی آئی ایس آر، سائبر، اسپیس، الیکٹرانک وارفیئر اور بغیر پائلٹ فضائی نظام جیسے جدید شعبوں میں پیش رفت کو سراہا، جو موجودہ قیادت کے ملٹی ڈومین صلاحیتوں کے وژن سے ہم آہنگ ہے۔ انہوں نے پاکستان کی ایرو اسپیس صنعت کی حالیہ برسوں میں جدید ڈیزائن، اعلیٰ تحقیق اور سافٹ ویئر پیش رفت میں نمایاں ترقی کو بھی سراہا۔

بقیہ 57

لائٹ روڈ اور دیگر منصوبے شامل ہیں ان شاء اللہ بہت جلد سریاب محرومیوں سے نکل کر ماڈل ایریا بنایا جائے گا۔

بقیہ 58

کرتے ہوئے ایک لازوال مثال قائم کی۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کبھی مرتے نہیں اور شہدا کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ جوانوں اور ان کے خاندان کی فلاح و بہبود اور کفالت کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ بلوچستان پولیس اپنے ہیروز اور ان کے اہل خانہ کو فراموش نہیں کرتا، جنہوں نے ملک کے لیے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ دے کر دہشت گردوں کے عزائم کو ناکام بنایا ہے۔

بقیہ 59

ضلع صدر خلیفہ محمد نسیم سوئی طاہری نے کی۔ اجلاس میں مرشد کریم سائیں کی جانب سے ملنے والی ترجیحات پر تفصیلی غور و فکر کیا گیا۔ جماعت اصلاح المسلمین کی جانب سے بہتر صفائی، رمضان شریف کے مقدس مہینے کا استقبال، شجرکاری مہم اور مالی معاونت کے سلسلے میں تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں نعت شریف پڑھنے کی سعادت منور علی عباسی طاہری نے حاصل کی اور خلیفہ رحیم بخش کھوسو نے اختتام پر اجلاس میں مرشد کریم سائیں کی عمر درازی کیلئے دعا کی۔

بقیہ 60

پولیس نے بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے قتل میں ملوث 3 مرکزی ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان مقتول کے دوست ہیں، جو زوہیب شاہ کو چائے پینے کے بہانے اپنے ساتھ لے گئے اور بے دردی سے قتل کردیا۔ ملزمان نے واردات کے بعد مقتول کی لاش کے ٹکڑے کرکے اسے مختلف جگہوں میں پھینک دیا تھا۔

بقیہ 61

کے سائے کے تاریک ترین حصے سے گزر رہا ہوتا ہے، جس سے سورج کی روشنی اس تک براہ راست نہیں پہنچتی۔ سورج کی روشنی جب زمینی فضا میں سے گزرتی ہے تو نیلی روشنی کی نسبت لال رنگ کی روشنی زیادہ مڑ جاتی ہے اور اس وجہ سے گرہن لگنے پر چاند سرخ رنگ کا نظر آتا ہے اور اسی وجہ سے اکثر اسے بلڈ مون بھی کہا جاتا ہے۔

بقیہ 62

کے باعث کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکی ہے۔ بلدیاتی نمائندوں نے انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ لانچ چوک اور ملحقہ سڑک کی فوری مرمت اور صفائی کو یقینی بنایا جائے تاکہ علاقے کی خوبصورتی بحال ہو اور عوام کو درپیش آمدورفت کی مشکلات کا ازالہ ممکن ہو سکے۔

بقیہ 63

علم کی شمع روشن رکھنے اور تعلیمی اداروں کی بہتری و استحکام کے لیے وقف کی تھی۔ انہوں نے بلوچستان کے تعلیمی اداروں بالخصوص گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج [illegible] میں اپنی مثالی انتظامی صلاحیتوں کا لوہا منوایا اور ادارے کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا۔ آپ نہ صرف ایک شفیق اور مخلص استاد تھے بلکہ ایک مدبر منتظم اور باکردار شخصیت کے مالک بھی تھے۔

بقیہ 64

بھرپور انداز سے اپنا مثبت رول پلے کر رہی ہے مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے ماہ رمضان میں صوبائی حکومت کے احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے رمضان بچت بازار لگا کر عوام کو ریلیف کی فراہمی ممکن بنائی جائے گی رمضان بچت بازار سے عوام کو ریلیف ملے گا تاجر گراں فروشی سے باز آئیں

بقیہ 65

نظر آتے ہے شہر بھر میں بھیک مانگنے کا کاروبار عروج پر پہنچ چکا ہے اللہ کے نام پر مانگنے والے زیادہ تر غیر مسلم مرد خواتین اور بچوں پر مشتمل ہے جو بھیک کو ایک کاروبار کی طرز پر روزانہ کی بنیادوں پر کیا جاتا ہے کم سن بچے نقاب پوش خواتین اور مرد سارا دن شہر میں اللہ کے نام پر دیدے بابا کی صدائیں بلند کرتے ہیں

بقیہ 66

شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔ تقریب لاہور کے سینٹر ریسرچ اینالسز [illegible]، جناب امیر عبداللہ خان نے افتتاحی کلمات پیش کیے۔ کلیدی خطاب ایئر مارشل آصف سلیمان ریٹائرڈ، صدر کیس لاہور نے کیا۔ انہوں نے فضائی طاقت کے ارتقا کا جائزہ لیتے ہوئے اسے محض جنگی ہتھیار سے آگے بڑھ کر ریجن سکیورٹی کے ایک اہم معاون کے طور پر بیان کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ موسمیاتی تبدیلی، کمزور انفرا اسٹرکچر، حکمرانی پر دباؤ اور انسانی بحرانوں نے فضائی طاقت کی عملی اہمیت میں نمایاں اضافہ کیا ہے۔ فوری فیصلہ سازی کی ضرورت، بنیادی ڈھانچے کی نزاکت، معلوماتی برتری اور موسمیاتی ہنگامی حالات جیسے ساختی عوامل کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے واضح کیا کہ ایسے مواقع پر فضائی اور خلائی طاقت اکثر سب سے پہلے ردعمل دینے والی قوت بن جاتی ہے۔ انہوں نے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی قیادت میں ریجن سکیورٹی کے میدان میں پاک فضائیہ کے کردار اور اس کی ادارہ جاتی تخلیق کو بھی اجاگر کیا۔

بقیہ 67

مطابق مذاکرات کے اس مرحلے میں تینوں ممالک کے اعلیٰ سطحی وفود شرکت کریں گے۔ رپورٹس کے مطابق روسی وفد کی قیادت کریملن کے صدارتی معاون ولادیمیر میڈنسکی کریں گے۔ اس سے قبل سہ فریقی مذاکرات کے دو ادوار متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت ابوظہبی میں ہو چکے ہیں، جہاں فریقین نے جنگ بندی، قیدیوں کے تبادلے اور ممکنہ سیاسی فریم ورک پر ابتدائی تبادلہ خیال کیا تھا

بقیہ 68

سے پستول اور خول بھی قبضے میں لے لئے گئے۔ پولیس کے مطابق مقامی افراد نے فائرنگ کی آوازیں سن کر پولیس کو اطلاع دی، جب پولیس ٹیم موقع پر پہنچی تو ایک بند گاڑی کے اندر ایک مرد اور ایک خاتون بے ہوش حالت میں پائے گئے، گاڑی کو تحویل میں لے کر علاقے کو فرانزک معائنے کے لیے سیل کر دیا گیا۔

بقیہ 69

ساتھ مل کر خاتون کو اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن شہربانو نقوی کے مطابق پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ملزمان کو جوہر ٹاؤن کے علاقے سے ٹریس کر کے گرفتار کیا۔ ملزمان کے خلاف تھانہ کاہنہ میں مقدمہ درج کرایا گیا ہے۔

بقیہ 70

رہوں گی۔ یہ باوقار تقریب برطانیہ میں قائم انوویشن سینٹر اور بزنس گروپ ایس کے سی یو کی میزبانی میں منعقد ہوئی، جس میں مصنوعی ذہانت کے ممتاز ماہرین، صنعتی رہنما، سرمایہ کار، کاروباری شخصیات، دولت مشترکہ کے نمائندگان اور برٹش پاکستانی کمیونٹی کے اراکین نے شرکت کی۔

بقیہ 71

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں تھانوں کے باہر شکایات کے ازالے کے لیے پینک فون نصب کرنے، انویسٹی گیشن کی ویڈیو و آڈیو ریکارڈنگ اور ایف آئی آر کی آن لائن ٹریکنگ سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ صوبہ بھر میں 14 ہزار باڈی کیم اور 700 پینک فون لگائے جائیں گے جبکہ ہر تھانے کے 10 اہلکاروں کو باڈی کیم فراہم کیے جائیں گے، گمشدہ موبائل فون، کارڈ اور کاغذات کی ایف آئی آر بھی آن لائن درج ہو سکے گی۔

بقیہ 72

سکیورٹی صورتحال کے تناظر میں اس مشق کی منصوبہ بندی اور عملی انعقاد نو فورس کنسٹرکٹ کے تحت دی گئی، جس میں دوست افواج نے مضبوط انٹیگریٹڈ ایئر ڈیفنس سسٹم کے فریم ورک میں رہتے ہوئے جنگی ماحول کی تشکیل کی۔ یہ اہداف حربی صلاحیتوں کے ہم آہنگ استعمال کے ساتھ ساتھ سائبر، خلائی اور الیکٹرو میگنیٹک اسپیکٹرم آپریشنز کے باہمی امتزاج اور مشترکہ استعمال کے ذریعے حاصل کیے گئے۔ مشق کے حربی مرحلے میں فرسٹ شوٹ، فرسٹ کل صلاحیت رکھنے والے سوئنگ رول لڑاکا طیاروں کا استعمال شامل تھا، جو طویل فاصلے تک مار کرنے والے بی وی آر، ریچ ایئر ٹو ایئر میزائلز، توسیع شدہ رینج کے ایئر ٹو گراؤنڈ اسٹینڈ آف ہتھیاروں اور انتہائی درست نشانہ سازی کی صلاحیتوں سے لیس تھے۔

بقیہ 73

نہیں آئی مانیٹر از راست کے قبضے پر عمل کیا جارہا ہے ایک ویڈیو بیان میں انہوں نے کہا کہ یہاں انتخابات دھاندلی زدہ ہوتے ہیں اور نااہل لوگوں کو ہاتھ سے پکڑ کر کرسی پر بٹھایا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ اگر ذمہ داران نے داخلی و خارجہ پالیسی پر نظرثانی اور غلطیوں کی اصلاح نہ کی تو یہ ملک برسوں تک افراتفری، بدامنی، سیاسی و معاشی عدم استحکام کا شکار رہے گا۔

بقیہ 74

مطابق سیلابی ریلے نے مکانات، درختوں اور بجلی کے کھمبوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، جس کے باعث بڑے پیمانے پر مالی نقصان ہوا ہے۔ کئی رہائشی عمارتوں کی نچلی منزلیں مکمل طور پر ڈوب گئیں جبکہ دیہی علاقوں میں زرعی زمینوں کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ ریسکیو اداروں نے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں تیز کردی ہیں

بقیہ 75

(بیسل ایریا) پر بجلی کے ہلکے جھٹکے دیے گئے۔ جب ان دونوں حصوں کو بیک وقت متحرک کیا گیا تو شرکا نے خود سے زیادہ رقم دوسرے فرد کو دینے کا فیصلہ کیا۔ یہ تحقیق سائنسی جریدے PLoS Biology میں شائع ہوئی ہے۔

بقیہ 76

واردات کے دوران مزاحمت کرنے پر ملزمان کی فائرنگ سے زخمی ہو گئے۔ واقعے کے بعد زخمی اہلکار کو فوری طور پر عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ تاہم واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہے جبکہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں شروع کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 77

بالا اس جانب فوری نوٹس لے۔ اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان اور محکمہ بلدیات بلوچستان کی مجرمانہ غفلت کی وجہ سے بلدیہ کے ملازمین دو ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں تنخواہوں کی عدم دستیابی کی وجہ سے ملازمین کے گھروں میں فاقہ کشی نے ڈیرے ڈالے ہیں

بقیہ 78

فوج سے اظہار یکجہتی کیا، شرکا نے آپریشن ردالفتنہ۔1 میں فتنہ الہندوستان کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین بھی پیش کیا جبکہ شہری ٹولیوں کی صورت میں اللہ اکبر چوک پر جمع ہوئے، شہریوں نے قومی پرچم اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے۔ منگچر کے عوام کا کہنا تھا کہ پاک فوج اور دیگر سکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کی بدولت منگچر بڑی دہشتگردی سے محفوظ رہا

بقیہ 79

سے خطاب کیا۔ سیمینار کا آغاز فضل الرحمن مندوخیل نے تلاوت کلام پاک سے کیا، تقریب کی صدارت حافظ حضرت گل نے کی، جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض سعد اللہ ہمدرد نے سرانجام دیے۔ مقررین میں ڈاکٹر افراسیاب مندوخیل، سول سوسائٹی کی نمائندگی سے عبداللہ جان کاکڑ، سید افضل شاہ، نجیب یار اور عبدالرحمن حریفال اور ادبی سوسائٹی کی نمائندگی سے لاجان ترابی، رازق جارساتی اور یاسین شمبو نے خطاب کیا۔

بقیہ 80

پڑی، جماعت اسلامی کو بتادیا تھا کہ سندھ اسمبلی نہیں آنے دیں گے۔ سندھ اسمبلی کے باہر جماعت اسلامی کے احتجاج اور دھرنے سے متعلق اپنے ایک بیان میں وزیر داخلہ سندھ ضیا لنجار نے کہا کہ جماعت اسلامی کی ریلی پر پولیس نے لاٹھی چارج اور شیلنگ کی جبکہ کارکنوں کی جانب سے بھی پتھراؤ کیا گیا، پولیس نے 10 سے زائد کارکنان کو حراست میں لے لیا ہے۔ جماعت اسلامی کے متعدد کارکنان سندھ اسمبلی کے دروازے پر پہنچے

بقیہ 81

صوبائی ضلع کوئٹہ مولانا خورشید احمد حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محب اللہ مولانا محمد ایوب ایوبی حافظ شبیر مدنی مولانا محمد سلیمان عبدالحق شہزاد عبدالباری شہزاد حافظ مسعود مولانا شعیب سعدان رحیم الدین ایڈووکیٹ حافظ عارف شمشیر عبدالصمد حقیار مولانا جلال الدین حقانی مولانا علی جان مفتی اللہ مینگل آغا و دیگر رہنماؤں نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ریٹائرڈ جسٹس میجا کیلاش ناتھ کوہلی کی بطور چیئرمین بلوچستان پبلک سروس کمیشن تعیناتی صوبے کے انتظامی ڈھانچے میں، اور بالخصوص نوجوان نسل کے لیے ایک نہایت اہم اور خوش آئند پیش رفت ہے۔ جمعیت علما اسلام اس تقرری کو اصول پسندی، ادارہ جاتی استحکام اور میرٹ کی بحالی کی جانب ایک مثبت قدم قرار دیتے ہوئے اس کا بھرپور خیرمقدم کرتی ہے اور پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ خدارا حکومت تمام اداروں اور محکموں کے سربراہان کے طور پر جسٹس کوہلی جیسے دیانتدار افراد کو تعینات کرے تاکہ بلوچستان میں پائی جانے والی بدترین بدعنوانیوں اور بدگورننس کا خاتمہ ہو سکے۔ بلوچستان پبلک سروس کمیشن ایک اہم ادارہ ہے جس پر صوبے کے باصلاحیت اور مستحق نوجوانوں کے مستقبل کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اس ادارے کی ساکھ، شفافیت اور غیر جانبداری نہ صرف سرکاری مشینری کے معیار کا تعین کرتی ہے بلکہ عوام کے ریاستی نظام پر اعتماد کو بھی مضبوط بناتی ہے۔ بدقسمتی سے ماضی کے اکثر ادوار میں اس ادارے کی کارکردگی کے حوالے سے عوامی سطح پر تحفظات اور سوالات اٹھتے رہے، جن کے باعث اہل اور محنتی افراد میں مایوسی پیدا ہوئی اور میرٹ کی دھجیاں اڑائی گئیں۔ جمعیت علما اسلام ہمیشہ اس موقف پر قائم رہی ہے کہ کسی بھی ادارے کی مضبوطی صرف اور صرف قانون کی بالادستی، دیانتداری اور شفافیت سے ممکن ہے۔ ریٹائرڈ جسٹس میجا کیلاش ناتھ کوہلی کا عدالتی اور قانونی پس منظر ان کی شخصیت کا وہ روشن پہلو ہے جو امید اور اعتماد کو تقویت دیتا ہے۔ انہوں نے بطور جج آئینی ذمہ داریوں کو وقار، سنجیدگی اور اصول پسندی کے ساتھ نبھایا، بلکہ اپنے سابقہ دور میں بحیثیت ممبر بی پی ایس سی بھی پبلک سروس کمیشن میں میرٹ اور شفافیت کو ترجیح دینے کی کوشش کی۔ قانون کی پاسداری، انتظامی دیانت اور غیر جانبدارانہ فیصلے کسی بھی عہدے کی بنیادی شرائط ہیں، اور ہمیں یقین ہے کہ وہ ان اصولوں کو مزید مضبوطی کے ساتھ بروئے کار لائیں گے۔ جمعیت علما اسلام یہ توقع رکھتی ہے کہ ان کی قیادت میں بلوچستان پبلک سروس کمیشن میرٹ کے نظام کو نہ صرف قائم رکھے گا بلکہ اسے مزید مؤثر، شفاف اور قابل اعتماد بنائے گا۔ جمعیت علما اسلام جسٹس کوہلی سے مطالبہ کرتی ہے کہ پبلک سروس کمیشن میں بے ضابطگی یا بدعنوانی کرنے والے جو عناصر موجود ہیں ان کے خلاف آئینی اور قانونی تقاضوں کے مطابق کارروائی کی جائے، تاکہ اس ادارے کی ساکھ دوبارہ بحال ہو، نوجوان نسل کا اعتماد مکمل طور پر بحال ہو اور ہر امیدوار کو مساوی اور منصفانہ موقع فراہم کیا جا سکے۔ ہم یہ بھی واضح کرنا چاہتے ہیں کہ اگرچہ بلوچستان حکومت کی کارکردگی انتہائی ناقص اور عوامی امنگوں کے مطابق نہیں ہے، لیکن جمعیت علما اسلام ہر اس اقدام کی حمایت کرے گی جو عوامی مفاد، شفافیت اور آئینی اصولوں کے مطابق ہو، اور ہر اس پالیسی یا عمل کی اصولی مخالفت کرے گی جو عوامی حقوق کے منافی ہو۔ خدا کرے کہ چیئرمین بلوچستان پبلک سروس کمیشن کی یہ تقرری صوبے میں میرٹ، انصاف اور ادارہ جاتی اصلاح کے ایک نئے باب کا آغاز ثابت ہو سکے انہوں نے کہا کہ ہم امید رکھتے ہیں کہ جسٹس کوہلی اپنی بصیرت، دیانتداری اور انتظامی صلاحیتوں کے ذریعے اس ادارے کی ساکھ کو مزید مستحکم کریں گے اور بلوچستان کے نوجوانوں کو ان کی محنت کا منصفانہ صلہ دلانے میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔ اللہ تعالیٰ انہیں عدل و انصاف کے قیام اور میرٹ کے فروغ میں کامیابی عطا فرمائے۔

بقیہ 82

وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان امن چاہتا ہے، جس کیلئے افغانستان کو کراس بارڈر دہشت گردی روکنا ہوگی۔ اسلام آباد میں انٹرنیشنل پارلیمنٹیرینز کانگریس کے زیر اہتمام افغانستان کی صورتحال پر منعقدہ کانفرنس خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ افغانستان کا معاملہ اکیڈمک ڈسکشن سے زیادہ کچھ مانگتا ہے۔ افغانستان میں امن و پاکستان میں امن دونوں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ پرامن اور مستحکم افغانستان کی بات کی ہے۔ بطور وزیر داخلہ واضح طور پر کہتا ہوں کہ ہم دہشتگردی کا شکار ہیں، جو دہشتگردی افغانستان میں بیٹھ کر لوگ کر رہے ہیں۔ افغانستان کی سرزمین پاکستان سمیت کسی ملک کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ اقوام متحدہ سمیت دیگر ادارے کہہ چکے ہیں کہ افغانستان میں متعدد دہشتگردوں کے ٹھکانے ہیں۔ پاکستان افغان عوام کے ساتھ انسانی بنیادوں پر رشتہ رکھتا ہے، تاہم پاکستان ان عوامل کے خلاف ہے جو افغانستان سے ہمارے ملک میں دہشتگردی کرتے ہیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ پاک افغان بارڈر خطے کے امن کے لیے انتہائی اہم ہے۔ بارڈر سکیورٹی صرف ایک ملک کی ذمہ داری نہیں ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ اس دہشتگرد تنظیمیں بڑھ رہی ہیں، کراس بارڈر دہشتگردی بھی بڑھ رہی ہے۔ پاکستان نے دہائیوں تک افغان مہاجرین کو رکھا ہے۔ وزیر مملکت برائے داخلہ نے کہا کہ ہمارا یقین ہے کہ افغان حکومت میں تمام طبقات کی نمائندگی ضروری ہے۔ پاکستان اپنے ہمسایوں کے ساتھ مستقل ٹینشن نہیں چاہتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان افغانستان میں امن چاہتا ہے۔

بقیہ 83

صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ غذائی قلت کا براہ راست تعلق انسانی صحت، بچوں کی نشوونما اور مجموعی انسانی ترقی سے ہے، اس لیے اس مسئلے کے حل کے لیے طویل المدتی اور پائیدار اقدامات ناگزیر ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے مشترکہ اقدامات صوبے میں غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کے فروغ کے لیے نتیجہ خیز ثابت ہوں گے۔ انہوں نے ورلڈ فوڈ پروگرام کے جاری منصوبوں کے لیے صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت باہمی تعاون کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے لیے تیار ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان غذائی تحفظ اور انسانی ترقی کے شعبوں میں عالمی اداروں کے ساتھ تعاون کو مزید مؤثر بنائے گی۔

عوام سے براہ راست رابطہ موثر حکمرانی کی بنیاد ہے، سردار کھیتران

امن و امان کا قیام، عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

حکومت بلوچستان بارکھان سمیت پسماندہ علاقوں کی متوازن ترقی کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، گفتگو

بارکھان (یو این اے) رکن صوبائی اسمبلی سردار عبدالرحمن کھیتران نے اپنے آبائی گاؤں حاجی کوٹ میں مختلف قبائلی عمائدین، سماجی شخصیات، سیاسی نمائندوں اور عوامی وفود سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران ضلع بارکھان کو درپیش ترقیاتی، سماجی اور بنیادی نوعیت کے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفود نے صوبائی وزیر کو صحت، تعلیم، پینے کے صاف پانی، انفراسٹرکچر، مواصلاتی نظام اور روزگار کے مواقع سے متعلق درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے عوامی نمائندگی کے تقاضوں کو

بقیہ نمبر 41 اندرونی صفحہ پر

رحیم کاکڑ کا ضلع کاریزات اور برشور توبہ کاکڑ کے فوری نوٹیفکیشن کا مطالبہ

ضلع پشین کو تین اضلاع میں تقسیم کر کے عوام کو مسائل سے نجات دلائی جائے، سابق میئر کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ جمیل بوستان ایڈووکیٹ میر وائس ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ سردار بہلول خان کاکڑ نے اپنے مشترکہ بیان میں وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع کاریزات کو مزید الجھانے کے بجائے

بقیہ نمبر 36 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ میں کالے شیشوں کے خلاف ٹریفک پولیس کی کارروائی

ٹریفک پولیس کی شہریوں سے عدالتی احکامات اور قوانین پر عملدرآمد کی اپیل

کوئٹہ (یو این اے) 14 فروری 2026 کو ٹریفک پولیس نے ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں شہر کے مختلف مقامات پر کالے شیشوں کے استعمال کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 74 چالان جاری کیے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق موجودہ حالات کے پیش نظر کالے شیشوں کے استعمال

بقیہ نمبر 37 اندرونی صفحہ پر

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے بڈرز کو فوری ادائیگیاں کی جائیں

بلوں کی عدم ادائیگی سے درسی کتب کی اشاعت متاثر ہے، پروفیسر حلیم صادق

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے تحت درسی کتب کی اشاعت کا کام کرنے والے بڈرز کو درپیش مالی مشکلات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ان کے واجب الادا بل فوری طور پر ادا کیے جائیں۔ انہوں نے

بقیہ نمبر 38 اندرونی صفحہ پر

کراچی، گھر کے اندر فائرنگ، ماں جاں بحق، بیٹا زخمی

کراچی (آئی این پی) کراچی کے علاقے رضویہ کے قریب جہانگیر آباد کباڑ مارکیٹ کے نزدیک واقع ایک گھر میں فائرنگ کے نتیجے میں خاتون جاں بحق جبکہ ان کا بیٹا زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ ایک جھگڑے کے دوران پیش آیا۔ فائرنگ سے زخمی ہونے والی 45 سالہ عشرت

بقیہ نمبر 47 اندرونی صفحہ پر

پارلیمنٹ کے سامنے دھرنا جمہوری جدوجہد کا تسلسل ہے، سید صادق آغا

عمران خان کی رہائی ناگزیر ہے حکمران ہوش کے ناخن لیں، معاملات کو بند گلی کی طرف نہ لے جائیں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے محمود خان اچکزئی کی سربراہی میں پارلیمنٹیرینز کی جانب سے پارلیمنٹ آف پاکستان کے سامنے عمران خان کی رہائی اور دیگر آئینی مطالبات کے حق میں دیے جانے والے دھرنے کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام جمہوری اقدار کے تحفظ اور آئین کی بالادستی کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ سید صادق آغا نے کہا کہ عمران خان کی مسلسل قید اور ان پر قائم مقدمات

بقیہ نمبر 45 اندرونی صفحہ پر

جھنگ، بہن بھائی نے مل کر باپ کو مبینہ طور پر قتل کر دیا

جھنگ (آئی این پی) پنجاب کے ضلع جھنگ کے علاقے ماڑی بلوچاں میں بہن بھائی نے مل کر باپ کو مبینہ طور پر قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق 15 سال کے بھائی نے 13 سال کی بہن کے ساتھ باپ کی لاش صحن میں دفنائی، بچے نے 10 روز قبل

بقیہ نمبر 43 اندرونی صفحہ پر

بیرون ممالک میں پاکستانی ڈرائیورز کا روزگار خطرے میں ہے، سید امان شاہ

بیرون ملک AI ٹیکسی سروسز کا بڑھتا استعمال پاکستانی ڈرائیورز کیلئے خطرناک ہے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینئر سید امان شاہ نے بیرون ممالک خصوصاً گلف اور دیگر ترقی یافتہ ریاستوں میں مصنوعی ذہانت (AI) سے چلنے والی خودکار ٹیکسی سروسز کے تیزی سے فروغ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیکنالوجی کی اس تیز رفتار تبدیلی کے نتیجے میں ہزاروں پاکستانی ڈرائیورز کے روزگار کو شدید خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ اس کے اثرات نہ صرف متاثرہ خاندانوں

بقیہ نمبر 46 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ: بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سیکرٹری ... کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

خیبرپختونخوا میں 38 سرکاری صحت مراکز نجی شعبے کو حوالے کرنے کا عمل شروع، اشتہار جاری

پشاور (آئی این پی) خیبرپختونخوا میں 38 سرکاری صحت مراکز نجی شعبے کو حوالے کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا۔ ہیلتھ فاؤنڈیشن خیبرپختونخوا نے ہسپتال مینجمنٹ آؤٹ سورس کرنے کا باقاعدہ اشتہار دے دیا۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت بی اور ڈی کیٹگری ہسپتال نجی شعبے کے حوالے

بقیہ نمبر 44 اندرونی صفحہ پر

آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن نے ہمیشہ قومی مفاد کو مقدم رکھا، میر شمس شاہوانی

کراچی میں آل پاکستان آئل ٹینکرز اونرز ایسوسی ایشن مرکزی دفتر کا افتتاح، شاندار تقریب کا انعقاد

کوئٹہ/کراچی (یو این اے) کراچی میں آل پاکستان آئل ٹینکرز اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی دفتر کی افتتاحی تقریب انتہائی پروقار انداز میں منعقد ہوئی، جس میں ملک بھر سے آئے ہوئے عہدیداران، ٹرانسپورٹرز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ مرکزی دفتر کا افتتاح تنظیم میں میر شمس

بقیہ نمبر 39 اندرونی صفحہ پر

مدارس دین و اسلام کے قلعے اور قافلے ہیں، مولانا عنایت اللہ آغا

طلبا حاصل کردہ علم کو دین اور قوم کی خدمت کے لئے بروئے کار لائیں

ژوب (یو این اے) جامعہ عربیہ ترتیل القرآن ژوب میں حفظ اور کمپیوٹر کورسز کے دورانیے کے اختتام پر ایک پروقار تقریب تقسیم اسناد منعقد کی گئی جس میں کامیاب طلباء کرام کو جامعہ کی جانب سے اسناد سے نوازا گیا۔ تقریب سے مولانا عنایت اللہ آغا، مولانا محب اللہ اور مولانا سید محمد ابراہیم آغا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مدارس دین

بقیہ نمبر 40 اندرونی صفحہ پر

گوادر، آئی ایس پی آر ونٹر انٹرن شپ پروگرام

عملی دوروں سے دفاعی اداروں کی صلاحیتوں کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے، طلباء

گوادر (یو این اے) آئی ایس پی آر کے تحت جاری ونٹر انٹرن شپ پروگرام کے سلسلے میں ملک بھر سے نوجوانوں کی قومی تربیت کا عمل جاری ہے۔ آئی ایس پی آر انٹرن شپ پروگرام کے تحت گوادر کے طلباء نے گوادر لیول ایس اور میرین ٹریننگ سینٹر کا دورہ کیا۔ دورے کا مقصد شرکا کو زمینی حقائق، میری ٹائم سیکیورٹی چیلنجز اور پاک

بقیہ نمبر 51 اندرونی صفحہ پر

کراچی، جماعت اسلامی کے احتجاج کے دوران ہنگامہ آرائی کا مقدمہ درج، 30 افراد نامزد

کراچی (آئی این پی) کراچی میں سندھ اسمبلی کے باہر جماعت اسلامی کے احتجاج کے دوران ہنگامہ آرائی کے واقعے کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق حکومت کی مدعیت میں مقدمہ تھانہ آرام باغ میں درج کر لیا

بقیہ نمبر 54 اندرونی صفحہ پر

یونس زہری اور عثمان بادینی کی سردار اسلم بزنجو سے ملاقات

بلوچستان کی سیاسی صورتحال اور عوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال

خضدار (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما، قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی و ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری اور ایم این اے رخشان انجینئر حاجی میر محمد عثمان بادینی نے سابق صوبائی وزیر، رہنما سردار محمد اسلم بزنجو سے ان کی رہائش گاہ کراچی میں تفصیلی ملاقات کی۔ تفصیلات کے مطابق علما اسلام کے مرکزی رہنما، اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری ایم این اے

بقیہ نمبر 55 اندرونی صفحہ پر

پنجگور میں پاکستان امن کمیٹی کے زیر اہتمام بقائے پاکستان امن ریلی

بلوچستان کے عوام امن پسند اور پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہیں، سردار مسعود ساسولی

پنجگور (یو این اے) پاکستان امن کمیٹی کے زیر اہتمام بقائے پاکستان امن ریلی کا انعقاد ریلی بلوچستان میں حالیہ دہشت گردی کے واقعات کے خلاف پاک فوج کی حمایت میں نکالی گئی تھی جس میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کی قیادت پنجگور کے معروف شخصیت سردار مسعود ساسولی اور پاکستان امن کمیٹی کے عہدیداران

بقیہ نمبر 52 اندرونی صفحہ پر

بھاگناڑی میں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت

پی ایچ ای کے خلاف کارروائی کر کے بھاگ کو فوری پانی فراہم کیا جائے، عوام کا مطالبہ

بھاگ (یو این اے) اکیسویں صدی میں بھی بھاگناڑی کی عوام پینے کے صاف پانی جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہے کروڑوں روپے کے بجٹ اور تمام تر وسائل کے باوجود محکمہ پی ایچ ای عوام کو پانی جیسی بنیادی سہولت فراہم کرنے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے صوبائی حکومت فکلہ پی ایچ ای کی عوام کو پانی فراہم کرنے کیلئے سالانہ کروڑوں

بقیہ نمبر 53 اندرونی صفحہ پر

سربراہ پاک فضائیہ کی انڈونیشیا کے صدر اور عسکری قیادت سے ملاقاتیں

سربراہ پاک فضائیہ نے پاکستان اور انڈونیشیا کے مابین گہرے برادرانہ تعلقات کی بنیاد بننے والی مشترکہ اقدار کو اجاگر کیا

تربیت، فضائی دفاع اور دفاعی پیداوار کے شعبوں میں دونوں فضائی افواج کے مابین تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے دورہ انڈونیشیا کے دوران صدر پرابوو سوبیانتو سے ملاقات کی۔ سربراہ پاک فضائیہ کی آمد پر انڈونیشیا کے صدر نے ایوان صدر جکارتہ میں ان کا

بقیہ نمبر 66 اندرونی صفحہ پر

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان سے نیاز بین و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

پنجگور رچکان کے رہائشیوں کی پریس کانفرنس، ذاکر سے لاتعلقی کا اعلان

اگر ذاکر کسی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث ہے تو قانون کے مطابق کارروائی کی جائے، لواحقین

پنجگور (یو این اے) پنجگور رچکان کے رہائشی حاجی نور محمد، حاجی لعل بخش، حاجی نور بخش اور مولوی عبدالباسط نے اپنے عزیز و اقارب کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم عرصہ دراز سے یہاں رچکان میں قیام پذیر ہیں نہ ہمیں کسی سے کوئی مسئلہ ہوا ہے نہ کسی کو ہمارے ساتھ کوئی مسئلہ ہے۔ ہم محنت مزدوری کر کے اپنا گزر بسر کرتے ہیں لیکن ڈیڑھ سال پہلے ہمارے گھر پر چھاپہ مارا گیا اور ہمیں کہا گیا کہ اپنے بیٹے ذاکر کو ہمارے حوالے کرو۔ ان کا کہنا تھا کہ ذاکر غیر قانونی کاموں میں

بقیہ نمبر 49 اندرونی صفحہ پر

خضدار کے تحصیل مولہ کھواں میں زلزلے کے شدید جھٹکے، جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں

خضدار (یو این اے) ضلع خضدار کے تحصیل مولہ کھواں میں زلزلے کے جھٹکے۔ جانی و مالی نقصانات کی اطلاع نہیں ملی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع خضدار کے تحصیل مولہ کھواں میں زلزلہ کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے جھٹکوں سے قریبی پہاڑوں سے بڑے بڑے پتھر لڑک کر

بقیہ نمبر 47 اندرونی صفحہ پر

غزالہ گولہ کا سابق سینیٹر ثریا امیر الدین کے انتقال پر اظہار افسوس

ثریا امیر الدین کی سیاسی خدمات اور پارٹی کے لیے قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، بیان

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ بلوچستان کی صوبائی صدر و ڈپٹی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ نے پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ بلوچستان کی سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات و سابق سینیٹر ثریا امیر الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحومہ ثریا امیر الدین کی سیاسی خدمات، عوامی وابستگی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے ان کی لازوال قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ

بقیہ نمبر 50 اندرونی صفحہ پر

محکمہ موسمیات کی تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کے نئے سلسلے کی پیشگوئی

اسلام آباد (آئی این پی) محکمہ موسمیات نے آئندہ دو روز میں ملک کے جنوبی علاقوں میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کے نئے سلسلے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج 16 فروری سے ملک کے جنوبی

بقیہ نمبر 48 اندرونی صفحہ پر

شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، محمد طاہر

بلوچستان پولیس نے ہمیشہ عوام کے تحفظ اور امن و امان کی بہتری کے لئے قربانیاں دی ہیں

دہشت گردی کے خلاف کوششیں ہمیشہ کی طرح عوام کے تعاون سے ناکام ہو چکی ہے، گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ تاریخ بلوچستان پولیس کی قربانیوں سے بھری پڑی ہے پولیس نے ہمیشہ کی طرح حالیہ دہشت گردی کے واقعہ میں دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ہمراہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لئے اپنا موثر اور اہم کردار ادا کرتے اپنی جان کی پرواہ نہ

بقیہ نمبر 58 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ: وزیراعظم کے فوکل پرسن برائے یوتھ پروگرام چوہدری نعیم کریم، شفقت مری، شہزادہ کندن کا شاپ ہاؤس میں اے سی سٹیشن شاہ سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

جماعت اصلاح المسلمین ضلع خیرپور زون ون کا اہم اجلاس

حیدرآباد (آئی این پی) جماعت اصلاح المسلمین ضلع خیرپور زون ون کا اہم اجلاس نور کالونی خیرپور میں پروفیسر خلیفہ غلام حسین بزدار کی رہائش گاہ پر ہوا۔ اجلاس کی ابتدا تلاوت کلام پاک سے ہوا جسکی سعادت باب الاسلام سوسائٹی طاہری نے حاصل کی منعقدہ اجلاس کی صدارت

بقیہ نمبر 59 اندرونی صفحہ پر

پنجگور کے علاقے چتکان غریب آباد میں لانچ چوک خستہ حالی کا شکار

لانچ چوک اور ملحقہ سڑک کی فوری مرمت و صفائی یقینی بنائی جائے، مکینوں کا مطالبہ

پنجگور (یو این اے) پنجگور کے علاقے چتکان غریب آباد میں واقع لانچ چوک طویل عرصے سے نظر انداز ہونے کا شکار ہے۔ جہاں شہر کے دیگر مقامات پر سڑکوں کی تعمیر، بلیک ٹاپنگ اور چوکوں کی خوبصورتی کے اقدامات کیے گئے، وہیں اس اہم مقام کی سڑک خستہ حالی کا شکار ہے نکاسی اطراف میں بنائی گئی دیواریں بھی دیکھ بھال نہ ہونے

بقیہ نمبر 62 اندرونی صفحہ پر

شہدادکوٹ، 19 سالہ نوجوان کو قتل کے بعد لاش کے ٹکڑے کرنے والے 3 سفاک دوست گرفتار

شہدادکوٹ (آئی این پی) شہدادکوٹ میں 19 سالہ نوجوان کے لرزہ خیز قتل کا معمہ حل ہو گیا، مقتول کے 3 دوست کو گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیل کے مطابق تھانہ صدر کی حدود سے ملنے والی 19 سالہ نوجوان ذوہیب شاہ کی لاش کے کیس میں

بقیہ نمبر 60 اندرونی صفحہ پر

روڈ حادثے میں پروفیسر محمد اکبر بلوچ اور ان کے فرزند معرگ ملازئی کی وفات

بلوچستان کے تعلیمی حلقے سوگوار، مرحوم پروفیسر کو علم کی شمع روشن کرنے والا مثالی استاد قرار

خضدار (یو این اے) بی این پی کے مرکزی ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبر و سابق قومی اسمبلی کے رکن میر عبدالرؤف مینگل نے روڈ حادثے میں معروف سماجی شخصیت و ماہر تعلیم پروفیسر محمد اکبر بلوچ اور ان کے فرزند معرگ ملازئی کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پروفیسر صاحب نے اپنی پوری زندگی

بقیہ نمبر 63 اندرونی صفحہ پر

2026 کا پہلا مکمل چاند گرہن 3 مارچ کو ہوگا، پاکستان میں نظارہ نہیں ہو سکے گا

اسلام آباد (آئی این پی) 2026 کا پہلا چاند گرہن 3 مارچ کو ہوگا اور اس موقع پر آسمان سرخ رنگ کی روشنی سے منور ہو جائے گا۔ خیال رہے کہ گرہن کے دوران چاند کی رنگت اس وقت سرخ ہوتی ہے جب زمین، سورج اور چاند کے درمیان میں آجاتی ہے اور اس موقع پر چاند زمین

بقیہ نمبر 61 اندرونی صفحہ پر

ماہ رمضان ہمیں ایثار و قربانی کو درس دیتا ہے، ڈی سی سبی

مثبت سوچ اور تعمیری کاموں سے علاقائی مسائل کو حل کیا جا سکتا ہے

سبی (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی نے کہا ہے کہ مثبت سوچ اور تعمیری کاموں سے علاقائی مسائل کو حل کیا جا سکتا ہے ماہ رمضان ہمیں ایثار و قربانی کو درس دیتا ہے ماہ رمضان میں انسانیت کی خدمت کرنے سے دلی سکون ملتا ہے وسائل میں رہ کر عوام کی خدمت اور عوامی مسائل کے خاتمہ کے لیے ضلعی انتظامیہ

بقیہ نمبر 64 اندرونی صفحہ پر

مذاکرات کا نیا دور کل سے جنیوا میں شروع ہوگا، روس یوکرین جنگ کا حل نکلنے کا امکان

جنیوا (آئی این پی) روس، امریکا اور یوکرین کے درمیان جاری سفارتی کوششوں کے سلسلے میں سہ فریقی مذاکرات کا دوروزہ نیا دور سوئٹزرلینڈ کے شہر جنیوا میں آج کل 17 فروری سے شروع ہوگا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے

بقیہ نمبر 67 اندرونی صفحہ پر

سبی شہر و گرد و نواح اللہ کے نام پر مانگنے والوں کے گھیرے میں

بھیک مانگنے کے کاروبار میں مرد و خواتین کے ساتھ ساتھ کم سن بچے بھی سرگرم

سبی (آئی این پی) اللہ کے نام پر دے بابا سبی شہر و گرد و نواح اللہ کے نام پر مانگنے والوں کے گھیرے میں بھیک مانگنے کے کاروبار میں مرد و خواتین کے ساتھ ساتھ کم سن بچے بھی سرگرم سبی انتظامیہ خاموش۔ تفصیلات کے مطابق ماہ رمضان کے قریب آتے ہی سبی شہر میں ہزاروں کی تعداد میں بھیک مانگنے والے مرد و خواتین اور کم سن بچے

بقیہ نمبر 65 اندرونی صفحہ پر

صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

بھارت، ویلنٹائن ڈے پر گاڑی سے لڑکا لڑکی کی لاشیں برآمد

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی ریاست اتر پردیش کے شہر نوئیڈا میں ویلنٹائن ڈے کے روز ایک نوجوان نے مبینہ طور پر اپنی گرل فرینڈ کو گولی مار کر قتل کرنے کے بعد خود کو بھی گولی مار لی۔ بھارتی پولیس نے گاڑی سے دونوں افراد کی گولیوں سے چھلنی لاشیں برآمد کر لیں، جبکہ موقع

بقیہ نمبر 68 اندرونی صفحہ پر

پاکستان پائیدار اور اعتماد پر مبنی ڈیجیٹل تعاون کیلئے تیار ہے، ڈاکٹر محمد فیصل

ٹیکنالوجی شراکت داریاں مستقبل کے دو طرفہ اور کثیر الجہتی روابط کا بنیادی محرک ہوں گی

لندن (آئی این پی) لندن میں منعقدہ اے آئی انڈس ویک پاکستان ایونٹ سے خطاب کرتے ہوئے برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے کہا ہے کہ پاکستان پائیدار اور اعتماد پر مبنی ڈیجیٹل تعاون کے لئے تیار، پالیسی اصلاحات اور پرعزم ہے، اور ٹیکنالوجی شراکت داریاں مستقبل کے دو طرفہ اور کثیر الجہتی روابط کا بنیادی محرک

بقیہ نمبر 70 اندرونی صفحہ پر

لاہور، حاملہ خاتون سے اجتماعی زیادتی کرنے والے 2 ملزمان گرفتار

لاہور (آئی این پی) لاہور میں کاہنہ پولیس نے ایک نجی کیٹرنگ کمپنی سے وابستہ حاملہ خاتون کے ساتھ اجتماعی زیادتی میں ملوث دو ملزمان کو جوہر ٹاؤن سے گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق متاثرہ خاتون ایک نجی کیٹرنگ کمپنی میں ملازم اور ہاؤس کیپنگ کا کام کرتی تھی۔ ملزم جو کیٹرنگ کمپنی کا مالک بتایا جاتا ہے، نے خاتون کو بہانے سے دفتر روانہ کیا اور ایک گھر میں بلایا، جہاں ان کے اپنے ساتھی کے

بقیہ نمبر 69 اندرونی صفحہ پر

پولیس اصلاحات کیلئے 3 ماہ کی ڈیڈ لائن، ہر شہری کو سر کہا جائے، مریم نواز

وزیراعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت اجلاس، تھانوں کے باہر پینک بٹن نصب

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پولیس اصلاحات کیلئے 3 ماہ کی ٹائم لائن مقرر کرتے ہوئے جامع پلان طلب کر لیا۔

بقیہ نمبر 71 اندرونی صفحہ پر

پاک فضائیہ کی جنوبی زون میں جنگی تیاریوں کا شاندار مظاہرہ

مشق کا مقصد مصنوعی ذہانت پر مبنی نیٹ ورک سینٹرک تربیتی نظام کے تحت پاک فضائیہ کی آپریشنل صلاحیتوں کو مزید نکھارنا ہے

بدلتی ہوئی علاقائی سیکیورٹی صورتحال کے تناظر میں اس مشق کی منصوبہ بندی اور عملی شکل ٹو فورس کنسٹرکٹ کے تحت دی گئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) پاک فضائیہ نے سدرن ایئر کمانڈ کے دائرہ اختیار میں فضائی مشق گولڈن ایگل کامیابی کے ساتھ منعقد کی، جس میں پاک فضائیہ کی مکمل جنگی صلاحیتوں کو منظم انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے اس کی اعلیٰ جنگی تیاری اور عملی مہارت کا بھرپور مظاہرہ کیا گیا۔ اس مشق کا مقصد مصنوعی ذہانت پر مبنی نیٹ ورک سینٹرک تربیتی نظام کے تحت پاک فضائیہ کی آپریشنل صلاحیتوں کو مزید نکھارنا اور جدید، موثر اور مشاقی طور پر تیار کردہ اسمارٹ ٹیکنالوجیز کو ایک پلیٹ فارم پر یکجا کرنا تھا۔ بدلتی ہوئی علاقائی

بقیہ نمبر 72 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ: عوامی نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام شہید ایڈووکیٹ ارباب غلام کاسی اور دیگر شہداء کی برسی کے موقع پر ضلع کوئٹہ کے صدر رشید ناصر ... خطاب کر رہے ہیں، رشید خان ناصر، جمال الدین رشتیا، شان عالم اور دیگر اسٹیج پر بیٹھے ہیں

پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی پارٹی ہے، میر ولی محمد قلندرانی

عوامی خدمت کرنا پیپلز پارٹی کے آئین ہے، عبدالشکور نورزئی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی ایگزیکٹیو کمیٹی کے رکن و سابق ضلع کوئٹہ کے صدر میر ولی محمد قلندرانی اور پاکستان پیپلز پارٹی سابقہ ضلع کوئٹہ کے انفارمیشن سیکرٹری عبدالشکور نورزئی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ انشاء اللہ غلام سرباب حاجی میر علی مدد جتک کے فنڈ جلد ترقیاتی منصوبوں کا آغاز ہوگا جس میں ٹیوب ویل سٹریٹ

بقیہ نمبر 57 اندرونی صفحہ پر

عسکری عملیات میں فضائی طاقت قومی استحکام کو مضبوط بناتی ہے، کیس

موسمیاتی تبدیلی، کمزور انفراسٹرکچر، جغرافیائی پیرو ڈاکس اور انسانی بحرانوں نے فضائی طاقت کی عملی اہمیت میں نمایاں اضافہ کیا ہے، آصف سلیمان

حقیقت پسندانہ نظریات نے سلامتی کو ریاستی اور عسکری خطرات تک محدود رکھا اور ماحولیاتی امور کو پس منظر میں دھکیل دیا، پروفیسر ڈاکٹر شاہین اختر

اسلام آباد/لاہور (نیوز رپورٹ) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (کیس) لاہور نے 21 فروری 2026 کو "قدرتی سے ماورا خطرات: جنگ کے علاوہ عسکری عملیات میں پاک فضائیہ کا کردار" کے عنوان سے ایک سیمینار منعقد کیا۔ ایک خود مختار تھنک ٹینک کی حیثیت سے کیس لاہور قومی سلامتی کو اس کے وسیع تر تناظر میں سمجھنے کے خواہاں ماہرین اور عملی میدان سے وابستہ افراد کے لیے علمی تقاریب کا اہتمام کرتا ہے۔ اس تقریب میں جامعات سے وابستہ اساتذہ، دانشوروں، سیکیورٹی افسران اور متعلقہ

بقیہ نمبر 56 اندرونی صفحہ پر

یہاں نااہل لوگوں کو ہاتھ سے پکڑ کر کرسی پر بٹھایا جاتا ہے، طاہر بزنجو

وہ ممالک جہاں ریاست ماں کا کردار ادا کرتی ہے وہاں سیاسی طاقت نعمت ہوتی ہے

کوئٹہ (آئی این پی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سابق سینیٹر و دانشور میر طاہر بزنجو نے کہا ہے کہ وہ ممالک جہاں ریاست ماں کا کردار ادا کرتی ہے وہاں سیاسی طاقت نعمت ہوتی ہے اور لوگوں کے ریاست کے ساتھ مضبوط رشتے قائم ہوتے ہیں اور دوسری جانب میانمار، مصر اور پاکستان میں سیاسی طاقت عذاب اور آفت بن جاتی ہے قیام پاکستان سے لے کر اب تک اس ملک میں نو آبادیاتی طرز حکمرانی اور رویوں میں کوئی تبدیلی

بقیہ نمبر 73 اندرونی صفحہ پر

سائنسدانوں نے انسانوں میں خود غرضی کا علاج ڈھونڈ نکالا

زیورخ (آئی این پی) سوئٹزرلینڈ کی یونیورسٹی آف زیورخ کے سائنسدانوں نے ایک نئی تحقیق میں دریافت کیا ہے کہ دماغ کے دو مخصوص حصوں کو بجلی کے جھٹکے دے کر انسانوں میں خود غرضی کو کم کیا جا سکتا ہے۔ اس تحقیق میں 44 رضاکاروں کو شامل کیا گیا جن سے کہا گیا کہ وہ ایک مخصوص رقم اپنے اور ایک گمنام شریک کے درمیان تقسیم کریں۔ تجربے کے دوران ان کے دماغ کے اگلے حصے (فرنٹل ایریا) اور پچھلے حصے

بقیہ نمبر 75 اندرونی صفحہ پر

اوستا محمد میونسپل کارپوریشن کے ملازمین دو ماہ سے تنخواہوں سے محروم

بلدیاتی ملازمین کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک بند کیا جائے، عوامی حلقے

اوستا محمد (یو این اے) اوستا محمد میونسپل کارپوریشن کے ملازمین تنخواہوں کی عدم ادائیگی کی وجہ سے شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں ملازمین کے گھروں میں فاقہ کشی نے ڈیرہ جما لیا حکومت بلوچستان و محکمہ بلدیات بلوچستان خواب خرگوش کے مزے لوٹ رہے ہیں ملازمین کا کوئی پرسان حال نہیں، دو وقت کی روٹی کے لیے ترس گئے، حکام

بقیہ نمبر 77 اندرونی صفحہ پر

پنجگور میں بقائے پاکستان ریلی، دہشت گردی کے خلاف بھرپور احتجاج

قوم دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، شرکاء

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں بقائے پاکستان ریلی کا انعقاد انتہا پسندی اور دہشت گردی کے خلاف عوام نے بھرپور احتجاج کیا۔ پنجگور میں منعقدہ بقائے پاکستان ریلی میں فتنہ الہندوستان کے نام نہاد آپریشن ہیروف 2 کیخلاف شدید احتجاج کیا گیا۔ ریلی کے شرکا نے دہشت گردی کے ناسور کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہوئے پاک

بقیہ نمبر 78 اندرونی صفحہ پر

کراچی، سرجانی ٹاؤن میں فائرنگ سے کورٹ پولیس کا اہلکار زخمی

کراچی (آئی این پی) کراچی میں سرجانی ٹاؤن میں ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر کورٹ پولیس کا اہلکار فائرنگ سے زخمی ہو گیا۔ تفصیل کے مطابق ایس ایچ او تھانہ سرجانی کے مطابق 37 سال کے پولیس کانسٹیبل عمیر ولد توفیق، جو کورٹ پولیس میں تعینات ہیں، سرجانی ٹاؤن دانا ناپانی پاس پر اینک پٹرول پمپ کے قریب ڈکیتی کی

بقیہ نمبر 76 اندرونی صفحہ پر

ایم ڈی پی ٹی وی عبدالکبیر خان زرکون برٹش ڈپٹی ہائی کمشنر کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

فرانس، بارشوں کے بعد سیلاب نے تباہی مچادی

دریاؤں کے بند ٹوٹ گئے، کئی رہائشی عمارتوں کی نچلی منزلیں ڈوب گئیں

پیرس (آئی این پی) فرانس میں حالیہ موسلا دھار بارشوں کے بعد آنے والے شدید سیلاب نے تباہی مچا دی، جس کے باعث متعدد علاقوں میں نظام زندگی درہم برہم ہو کر رہ گیا۔ حکام کے مطابق دریاؤں کے بند ٹوٹنے کے بعد متعدد علاقے زیر آب آ گئے اور ہر طرف پانی ہی پانی دکھائی دے رہا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے

بقیہ نمبر 74 اندرونی صفحہ پر

ژوب میں اہل اردو اشاد عبیداللہ خان مندوخیل کی پانچویں برسی پر تعزیتی سیمینار

شہر میں سکول، لائبریری اور پارک عبیداللہ خان مندوخیل کے نام منسوب کیے جائیں، مقررین

ژوب (یو این اے) ژوب ادبی پال اہل اردو استاد عبیداللہ خان مندوخیل کی پانچویں برسی کی مناسبت سے 15 فروری 2026 کو بلدیہ ہال ژوب میں ایک تعزیتی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں اس سال ان کی سماجی اور ادبی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے سول سوسائٹی کے نمائندوں اور ادیبوں نے شرکت کی اور سیمینار

بقیہ نمبر 79 اندرونی صفحہ پر

کسی کو تماشہ کرنے کی اجازت نہیں، وزیر داخلہ ضیا لنجار

جماعت اسلامی کو بتا دیا تھا سندھ اسمبلی نہیں آنے دیں گے

کراچی (آئی این پی) وزیر داخلہ سندھ ضیا لنجار نے کہا ہے کہ کسی کو تماشہ کرنے کی اجازت نہیں، جماعت اسلامی کے ساتھ گزشتہ شام مذاکرات ہوئے تھے، کسی کو تماشہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، جماعت اسلامی کیخلاف کارروائی کرتی

بقیہ نمبر 80 اندرونی صفحہ پر

بلوچستان پبلک سروس کمیشن ایک اہم ادارہ ہے، جمعیت کوئٹہ

میتھا کیلاش ناتھ کوہلی کی بطور چیئرمین تعیناتی خوش آئند پیش رفت ہے

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی نائب امیر اور جے یو آئی ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمن رفیق صوبائی معاون سیکرٹری و ضلعی جنرل سیکرٹری حافظ ...

بقیہ نمبر 81 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ: ایلیمنٹری ایجوکیشن آف پاکستان کے زیر اہتمام ... 2026 کی تقریب کے موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی، مشیر کھیل ... انعامات تقسیم کر رہے ہیں